☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام.....قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 7 رجب المرجب 1446ھ، 8 جنوری 2025ء 21 پوہ 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 82

وفاقی وزارتوں اور اداروں میں ڈیڑھ لاکھ آسامیاں ختم

رائٹ سائزنگ کا عمل شفاف طریقہ سے آگے بڑھا رہے ہیں، کوشش ہے جاری مالی سال کے اختتام تک یہ عمل مکمل ہو

وزارت خزانہ تمام حکومتی اداروں اور محکموں کے کیش بیلنس کی براہ راست نگرانی کرے گی، سینیٹر اورنگزیب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ رائٹ سائزنگ کا عمل شفاف طریقہ سے آگے بڑھا رہے ہیں، کوشش ہے کہ جاری مالی سال کے اختتام تک یہ عمل مکمل ہو، 60 فیصد خالی ریگولر پوسٹوں کو ختم یا ڈاؤنگ پوسٹیں قرار دی گئی ہیں جن (باقی صفحہ بقیہ نمبر 3)

ہر روز نیا چیلنج صحت کی بہترین سہولت عوام کا حق ہے

مریم نواز

پنجاب کے سرحدی علاقوں پر دراندازی کا بہت بڑا خطرہ ہے جو ایک بہت بڑا چیلنج ہے، اس ماہ 1250 بی ایچ یوز کی تزئین وآرائش کر دیں گے

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ہر روز ایک نیا چیلنج ہوتا ہے، صحت کی بہترین سہولیات عوام کا حق ہے۔ لاہور میں ہیلتھ کلینک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ ہیلتھ کلینک کے اجرا پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ جب سے حلف اٹھایا ہے ہر روز ایک نیا چیلنج ہوتا ہے، سرکاری ہسپتالوں سے دوائیں بھی چوری ہوتی ہیں اور ٹیسٹ بھی باہر سے کرائے جاتے ہیں، اب کینسر اور ہیپاٹائٹس کی مفت ادویات گھروں میں فراہم کی جا رہی ہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ آج میں صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے آ رہی ہوں، پنجاب کے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 17)

گورنر سندھ کی امریکی قونصل خانے آمد، قونصل جنرل سے ملاقات

سابق امریکی صدر جمی کارٹر کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا، مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کیے

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کی امریکی قونصل خانے آمد، قونصل جنرل سے ملاقات کی۔ کامران خان ٹیسوری نے سابق امریکی صدر جمی کارٹر کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا، مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کیے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ نمبر 5)

ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کا کیس، چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد

سابق وزیراعلیٰ کی حاضری سے مکمل استثنیٰ کی درخواست جمع کروانا، کیس کو اب آگے لے کر چلنا چاہتے ہیں، ہماری طرف سے کوئی بھی دشواری نہیں آئے گی، وکیل امجد پرویز

عدالتی عملے نے گاڑی میں جا کر پرویز الٰہی کی حاضری مکمل کی، احتساب عدالت نے آئندہ سماعت پر گواہان کو طلب کر لیا کیس کی مزید سماعت 21 جنوری تک ملتوی کر دی

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کیس میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کر دی۔ احتساب عدالت کے جج زبیر شہزاد کیانی نے پرویز الٰہی کیخلاف مبینہ کرپشن کیس کی سماعت کی، چودھری پرویز الٰہی کی جانب سے ان کے وکیل امجد ایڈووکیٹ امجد پرویز (باقی صفحہ بقیہ نمبر 10) پرویز کمرہ عدالت میں موجود تھے۔ دوران سماعت

پنجاب کی ایکسس کمیٹی کا اجلاس امن وامان کی صورتحال تسلی بخش قرار

اجلاس کے دوران سکیورٹی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے چیمپئنز ٹرافی کیلئے سکیورٹی پلان کی منظوری دی گئی، تمام کھلاڑیوں کو وی وی آئی پی سکیورٹی دی جائے گی

پنجاب میں موٹر سائیکل سواروں کیلئے ہیلمٹ لازمی قرار، وزیراعلیٰ مریم نواز نے متعلقہ پولیس کو حکم ہر من وعن عملدرآمد کروانے کے احکامات جاری کر دیئے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کی ایکسس کمیٹی نے صوبے میں امن وامان کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی ایکسس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں سول اور سینئر عسکری حکام نے شرکت کی، اجلاس میں پنجاب کی امن وامان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں 6 ایجنڈے زیر بحث رہے جبکہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش (باقی صفحہ بقیہ نمبر 9)

عرب امارات نے 2 ارب ڈالر قرض کی ادائیگی مؤخر کر دی

تمام متعلقہ وزارتوں کی رپورٹس کو بریفنگ کا حصہ بنا کر جامع رپورٹ پیش کی جائے، درآمدات و برآمدات میں تخصیص کے بغیر پبلک سیکٹر کی تمام درآمدات و برآمدات کا 60 فیصد حصہ گوادر بندرگاہ سے کیا جائے، اجلاس سے خطاب

بین الاقوامی ایئر لائین فلائی دبئی کی لاہور اور اسلام آباد سے دوبئی اور دوبئی سے لاہور اور اسلام آباد پروازوں کی ہفتہ وار فریکوئینسیز کے عارضی اجازت نامے میں 4 جنوری 2025 سے 3 فروری 2025 تک توسیع کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے پاکستان کی جانب سے 2 ارب امریکی ڈالرز کی ادائیگی کو مؤخر کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو ہماری معیشت کیلئے خوش آئند ہے جبکہ وفاقی کابینہ نے ریونیو ڈویژن کی سفارش پر فیڈرل بورڈ آف (باقی صفحہ بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف آج کراچی کا اہم دورہ کریں گے

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف آج کراچی کا اہم دورہ کریں گے۔ دورے کے دوران (باقی صفحہ بقیہ نمبر 8)

عمران خان 6، بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانت میں توسیع

ضمانتوں کا اکٹھا فیصلہ ہوگا، دلائل ہو چکے، صرف بانی پی ٹی آئی کی حاضری رہتی ہے، جج

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ سیشن عدالت اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی کے خلاف 6 اور بشریٰ بی بی کے خلاف ایک مقدمہ میں عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ ایڈیشنل سیشن (باقی صفحہ بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب نے ہمت کارڈ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا

مزید 2.5 ہزار خصوصی افراد کو مالی امداد فراہم کی جائیگی، وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ

لاہور (این این آئی) محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے افراد باہم معذوری کی مالی معاونت کے حوالے سے کامیابی سے جاری منصوبے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہمت کارڈ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور افراد باہم معذوری سے ان کی (باقی صفحہ بقیہ نمبر 2)

کرم میں امن کی بحالی کیلئے سپیشل ٹاسک فورس اور چیک پوسٹیں بنانے کا فیصلہ

وفاقی حکومت سے پارا چنار میں ایف آئی اے سائبر ونگ قائم کرنے کی بھی درخواست کی جائے گی، پولیس چیک پوسٹوں کے لیے درکار فنڈز سے متعلق وفاقی حکومت کو آگاہ کیا جائے گا

پشاور (یو این پی) صوبہ خیبر پختونخواہ کے ضلع کرم میں امن کی بحالی کیلئے سپیشل ٹاسک فورس اور چیک پوسٹیں بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق محکمہ داخلہ کی دستاویزات سے معلوم ہوا ہے کہ خیبر پختونخواہ حکومت نے ٹل پارا چنار روڈ پر 48 چیک پوسٹیں قائم کرنیکا فیصلہ کیا (باقی صفحہ بقیہ نمبر 18)

لاہور: وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب شوکت بٹ افراد باہم معذوری میں ہمت کارڈ کے فنڈ کی افتتاحی تقریب میں کارڈ تقسیم کر رہے ہیں

ن لیگ کے ایم پی اے رانا ارشد پنجاب اسمبلی میں چیف وہپ مقرر

نکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن نے ایم پی اے رانا ارشد کو (باقی صفحہ بقیہ نمبر 11)

منی لانڈرنگ کیس، فریال تالپور کی حاضری استثنیٰ کی درخواست منظور

کراچی (این این آئی) اسپیشل جج بینکنگ کورٹ نے منی لانڈرنگ اور غیر قانونی (باقی صفحہ بقیہ نمبر 12)

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے سعودی عرب کے صوبہ ہا فر الباطین کے سابق گورنر پرنس منصور بن محمد آل سعود لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

کراچی میں 64 فیصد طلبہ کا فیل ہونا سندھ حکومت پر سوالیہ نشان ہے، حافظ نعیم

تعلیم سے دشمنی والے رویے نے کراچی اور طلبا کا مستقبل داؤ پر لگا دیا ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ 64 فیصد طلبہ کا فیل ہونا سندھ حکومت پر سوالیہ نشان ہے۔ کراچی میں میڈیا سے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 20)

ڈی سی کرم پر حملے میں ملوث ایک اور ملزم گرفتار

مقدمے میں نامزد 5 ملزمان میں سے اب تک 3 ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں، پولیس

کرم (این این آئی) لوئر کرم کے علاقے لکن میں ڈی سی کرم جاوید اللہ محسود پر حملے میں ملوث ایک اور ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں نامزد 5 ملزمان میں سے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 19)

لیسکو نے ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کیخلاف رینجرز کی مدد مانگ لی

اوکاڑہ سرکل کے سرحدی اور دور دراز دیہات میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لیسکو نے ڈیفالٹرز اور بجلی چوروں کے خلاف رینجرز کی مدد مانگ لی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹاپ 100 ڈیفالٹرز کے خلاف آپریشن ہوگا۔ پہلے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 15)

لاہور: عبوری گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی ایکسس کمیٹی کا اجلاس

پنجاب سیف سٹی منصوبے کو تمام اضلاع تک وسعت دینے کے اقدامات پر بھی بریفنگ

عوام کے تحفظ اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کیلئے مربوط کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ لاہور میں صوبائی ایکسس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے اور کثیر الجہتی خطرات کو کم کرنے کے لئے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جن میں مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) شامل ہیں۔ اجلاس نے ملک میں امن کے قیام کے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 23)

پنجاب حکومت کا اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے ڈپٹی کمشنرز کیلئے انعام

پانچ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو پنجاب میں اعلیٰ کارکردگی پر دو ماہ کی تنخواہ بطور بونس دیدی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اعلیٰ کارکردگی دکھانے پر پانچ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو دو ماہ کی تنخواہ بطور بونس دے دی۔ پانچ ڈی سیز کو کے پی آئی اٹ ڈیکٹرز پر پنجاب میں (باقی صفحہ بقیہ نمبر 16)

خیبر پختونخوا میں سکیورٹی بہتر اور چیک پوسٹیں بنائیں گے، بیرسٹر سیف

سکیورٹی ادارے کلیئرنس دیں گے پھر امداد لے کر جانے والا قافلہ روانہ ہوگا، گفتگو

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا حکومت بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ صوبے میں سکیورٹی مزید بہتر اور چیک پوسٹیں بنائی جا رہی ہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ ڈی سی کرم پر حملہ انتظامی نااہلی نہیں ہے، یہ واقعہ نہیں ہونا چاہیے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 13)

سیاسی بنیادوں پر مقدمات کا سلسلہ اب ختم ہونا چاہیے، آغا سراج درانی

30 برس سے میڈیا ٹرائل چل رہا ہے، ہر بار مقدمات میں باعزت بری ہوئے ہیں، پیشی پر بات چیت

کراچی (این این آئی) سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کا کہنا ہے کہ سیاسی بنیادوں پر مقدمات کا سلسلہ اب ختم ہونا چاہیے۔ کراچی کی احتساب عدالت میں پیشی (باقی صفحہ بقیہ نمبر 14)

پی ٹی آئی سے مذاکرات کا عمل مثبت سمت میں جاری ہے، عطا تارڑ

چیمپئنز ٹرافی پاکستان آ رہی ہے، پاکستانیوں کیلئے یہ بہت بڑا ایونٹ ہے، کھیل کو سیاست اور سیاست کو کھیل میں شامل نہیں کیا جانا چاہیے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف سے مذاکرات کا عمل مثبت سمت میں جاری ہے، بات چیت سے ہی راستے نکلتے ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال خوشخبریوں کا سال رہا ہے، 2025 سیاسی استحکام کا سال ہوگا، ان شاء اللہ پاکستان ایک وژن ہے جس میں کھیل بھی شامل ہے، ہم نے اڑان پاکستان پروگرام (باقی صفحہ بقیہ نمبر 21)



اسلام آباد: پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف اور پاکستان میں اردن کے سفیر ڈاکٹر معین خراست پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس میں عظیم اقبال کی نمائش "خطاطی اور فنون کی بے وقت سیریت" کے دوران خطاطی کے فن پاروں میں گہری دلچسپی لے رہے ہیں۔

ڈی چوک احتجاج، 250 ملزمان کی ضمانت درخواستوں پر سماعت کل تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر (باقی صفحہ بقیہ نمبر 29)

آئینی بینچ، انتخابات میں دھاندلی سمیت دیگر کیسز کی سماعت بغیر کارروائی ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں 8 فروری (باقی صفحہ بقیہ نمبر 31)

وزیر تجارت جام کمال خان 3 روزہ سرکاری دورے پر جنوبی کوریا پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تین روزہ سرکاری دورے پر جنوبی کوریا پہنچ گئے۔ منگل کو وزارت تجارت سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کا جنوبی کوریا پہنچنے پر پاکستانی سفارتخانے، (باقی صفحہ بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم اور بلاول بھٹو کی کوئی ملاقات نہیں ہوئی، مرتضیٰ وہاب

شہباز شریف سے متوقع ملاقات کی خبریں قطعی بے بنیاد ہیں، ترجمان چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) ترجمان بلاول بھٹو زرداری و میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی خبروں (باقی صفحہ بقیہ نمبر 30)

فضائی آلودگی اور گرد و غبار سے نجات کیلئے چین کی طرز پر سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے لاہور میں 1500 تعمیراتی مقامات پر پانی کے چھڑکاؤ کا نظام نصب کرنے کا حکم دیدیا

مقامی طور پر تیار کردہ ٹیکنالوجی ہے جس پر گزشتہ تین ہفتے سے تجربات جاری تھے، سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چین کی طرز پر لاہور میں فضائی آلودگی اور مٹی دھول سے نجات کا جدید طریقہ لاگو کرنے کا فیصلہ کیا ہے، لاہور میں 1500 تعمیراتی مقامات پر پانی کے چھڑکاؤ کا نظام نصب کرنے کا حکم دیدیا گیا۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے بتایا کہ یہ مقامی طور پر تیار کردہ ٹیکنالوجی ہے جس پر گزشتہ تین ہفتے سے تجربات جاری تھے، ''ای پی اے'' نے تجربات کی کامیابی کے بعد اب اسے عملی (باقی صفحہ بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عدالتوں کا کیس آئین واضح ہے ایگزیکٹو عدلیہ کا کردار نہیں کر سکتا، سپریم کورٹ

اختیارات کو وسیع کر کے سویلین کا ٹرائل ہو رہا ہے، اگر شہری آرمی ایکٹ میں درج جرم کا مرتکب ہوا تو ٹرائل چلے گا، صرف چوکی کے باہر کھڑے ہونے پر تو کچھ نہیں ہوگا، عدالت

قانون میں انسداد دہشتگردی عدالتوں کا فورم موجود ہے، قانونی فورم کے ہوتے ہوئے ایگزیکٹو خود کیسے جج بن سکتا ہے؟ آئین میں سویلنز کا نہیں پاکستان کے شہریوں کا ذکر ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں کے کیس کی سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ آئین میں اختیارات کی تقسیم بالکل واضح ہے، آئین واضح ہے کہ ایگزیکٹو عدلیہ کا کردار ادا نہیں کر سکتا۔ عدالت نے قرار دیا کہ اگر وہ شہری آرمی ایکٹ میں درج جرم کا مرتکب ہوا تو ٹرائل چلے گا، صرف چوکی کے باہر کھڑے ہونے پر تو کچھ نہیں ہوگا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی (باقی صفحہ بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی وفاقی دارالحکومت میں سول سروس اکیڈمی (لاہور) کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

گھریلو صارفین کو صبح 6 سے رات 10 بجے تک گیس فراہمی کا شیڈول مرتب

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن گیس کمپنی نے گھریلو صارفین کیلئے گیس (باقی صفحہ بقیہ نمبر 22)

ٹیکس چوری کی روک تھام، مختلف ممالک سے 17 کیسز میں ڈیٹا طلب

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے معلومات کے تبادلے کے انتظام کے تحت بین الاقوامی ٹیکس دائرہ اختیار سے (باقی صفحہ بقیہ نمبر 24)

بھارت نے مظلوم کشمیریوں پر مظالم کی انتہاء کر دی، صدر آزاد کشمیر

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے سیکرٹری جنرل و (باقی صفحہ بقیہ نمبر 25)

کھلے دل سے مذاکرات کر رہے، امید ہے راستہ نکلے گا، طارق فضل

عمران خان کا مقدمہ اوپن اینڈ شٹ کیس ہے، رہائی کا مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما مسلم لیگ ن طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ کھلے دل کے ساتھ مذاکرات کر رہے امید ہے راستہ نکلے گا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے جب حکومت سنبھالی تب بھی شہباز شریف نے چارٹر آف اکانومی (باقی صفحہ بقیہ نمبر 26)

حکومتی بجلی کے نرخوں میں کمی کیلئے اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ

معاہدوں کے خاتمے سے سالانہ بچت 70 ارب بنتی ہے، بگاس کے 8 پاور پلانٹس کا ٹیرف تبدیل کیے جانے سے بھی اربوں کی بچت کا تخمینہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے بجلی کے نرخوں میں کمی کے لیے اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لیے وزارت توانائی کی جانب سے مختلف آپشنز پر کام جاری ہے۔ وزارت توانائی حکام کے ذرائع کے مطابق ابتدائی طور پر 5 آئی پی پیز سے معاہدے ختم کیے جا چکے ہیں، پانچ معاہدوں کے خاتمہ سے مجموعی طور پر 411 ارب روپے کی بچت ہوگی، پانچوں معاہدوں کے خاتمے سے سالانہ بچت 70 ارب روپے بنتی ہے، بگاس کے 8 (باقی صفحہ بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ایئر مارشل (ریٹائرڈ) آفتاب حسین ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

صوبائی دارالحکومت میں کرائم میں کمی اطمینان بخش ہے، بلال صدیق

واردتوں میں 47 فیصد کی موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں 39 فیصد

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کی موٹر سکیت عملی کی بدولت سنیچنگ کی وارداتوں میں 54 فیصد اور موٹر سائیکل کی وارداتوں میں 47 فیصد کی موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں 39 فیصد کار چھیننے کی وارداتوں میں 35 فیصد ڈکیتی کی وارداتوں میں 27 فیصد، موٹر سائیکل چھیننے میں 24 فیصد اور نقب زنی میں 25 فیصد کی آئی جی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کا کہنا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں کرائم میں کمی اطمینان بخش ہے اور منظم جرائم میں ملوث خطرناک گروہوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں اس حوالے سے ڈکیتی، چوری اور اندرونی کی وارداتوں میں ملوث عادی و پیشہ ور مجرمان کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے جبکہ موٹر سائیکل چوری و چھیننے کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے فیلڈ میں سادہ پارچات میں پولیس جوان تعینات کئے گئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور نے مزید کہا کہ ایکیو موٹر سائیکل چور گینگز اور ریکارڈ یافتہ ملزمان کی مسلسل گرفتاری عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اور ڈکیتی، چھینا جھپٹی اور چوری کے ہاٹ سپاٹ ایریاز میں اضافی پٹرولنگ کیمس تعینات کی گئی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ کرائم کنٹرول کے حوالے سے لاہور پولیس نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔



لاہور وزیر سوشل ویلفیئر و ویمن ایمپاورمنٹ ڈیپارٹمنٹ ہمیل شوکت بزدار نے کارڈ کے فیز ٹو کی افتتاحی تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

9 سالہ بچی کو ہراساں کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا

15 کال پر فوری ریسپانس کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا، ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی

لاہور (کرائم رپورٹر) 9 سالہ بچی کو ہراساں کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد سے بچی کے ساتھ ہراسگی کی شکایت موصول ہوئی۔ شہری نے 15 پر کال کرکے پولیس کی مدد طلب کی۔ وہ چوکی 15 پولیس اسٹیشن نے پولیس کو فوراً موقع پر روانہ کیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق بچی اپنے گھر کے باہر کھیل رہی تھی۔ اسی دوران دو ملزمان اس کے پاس آئے اور اسے ہراساں کرنے لگے۔ بچی کی چیخ و پکار سن کر اس کی والدہ گھر سے باہر آئی۔ ملزمان موقع سے فرار ہونے لگے تو خاتون نے انہیں پکڑ لیا۔ ملزمان کی شناخت ہونے پر انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ ملزمان کی شناخت عبدالرحمان اور بلال کے نام سے ہوئی۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ملزمان کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔



گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کے ہمراہ صوفی فیسٹیول 2025 کے لوگوں کی رونمائی کرتے ہوئے

محکمہ اوقاف و دینی امور پنجاب کے زیر اہتمام صوفی فیسٹیول 2025ء کا آغاز

آرٹ گیلری اور صوفی خطاطی کی نمائش کا افتتاح ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب احمد رضا سرور نے کیا

لاہور (نیشنل رپورٹر) اوقاف ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام صوفی فیسٹیول کا آغاز ہوگیا۔ گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے فیسٹیول کے لوگو کی رونمائی، جبکہ صوفیانی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ صوفی خطاطی و آرٹ گیلری کا افتتاح ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب احمد رضا سرور نے کیا۔ فیسٹیول میں مولانا عبدالغفور آزاد، مولانا سفی حسنین رضوان سیالوی، صاحبزادہ عاصم مہاروی، خواجہ قطب الدین فریدی، نور الحسن اور بابا یقین خان، مرکان فرینڈلی سمیت روحانیت و طریقت کی معتبر شخصیات بھی شریک ہوئیں۔ سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر سنیئر طاہر رضا بخاری نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ آرٹ گیلری "صوفی خطاطی" کے نادر نمونوں سے آراستہ ہوگی۔ صوفی موسیقی میں رمضان پرفارمنس، عارفانہ کلام نے سماں باندھ دیا۔ نمائش چائے، ظہرانہ فرید سماع اور چوقوال کی خصوصی پرفارمنس، عارفانہ کلام نے سماں باندھ دیا۔ نمائش کتب، کرافٹ بازار، فوڈ کورٹس بھی آراستہ ہوگئے، زائرین و شائقین کی خصوصی دلچسپی متعلقہ حسن قرأت ہم قوالیوں کی پابندی بھی کرائی گئی ہے اور ہم نے مختلف اداروں کے طلبہ نے بھرپور حصہ لیا۔ آپ کو سڑکوں پر مدھبی فرامین کریں خصوصی موضوع "صوفی اظہار فنون۔۔۔ کمال و جمال کے حوالے سے ینگ ڈسکشن، میں معروف سالار زی شرکت۔ شرکاء نے کہا کہ پنجاب، صوفی کلچر کو فروغ دینے کے لئے ایسے فیسٹیول کا انعقاد خوش آئند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے فیسٹیول سے نوجوان نسل کو اپنی ثقافت سے جوڑنے میں مدد ملے گی۔

لاہور ٹریفک پولیس کا تجاوزات ختم کرکے شہر کو خوبصورت بنانے کا عظیم

چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اظہر وحید

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور ٹریفک پولیس کا تجاوزات ختم کرکے شہر کو خوبصورت بنانے کا عظیم چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اظہر وحید کا کہنا ہے کہ تجاوزات سے پاک کرکے باغات کے شہر لاہور کی خوبصورتی واپس لاکر اسے مزید خوبصورت بنائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ سڑکوں کو آمدورفت کے لئے بنایا جاتا ہے نا کہ تجاوزات کے لئے لہٰذا تمام ہی انفرادی و قانونی اسٹیٹ ڈرائیوں کے ذمہ داروں کی بھی غیر قانونی تجاوزات کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جائے گی ٹریفک قوانین کی پابندی کروانا ہماری ذمہ داری ہے اور آپ کو سڑکوں پر مدھبی فراہم کریں گے اور سڑکوں پر ٹریفک فلو کو برقرار رکھتے ہوئے فرسٹ کلین اور پھر گلیئر آپریشن جاری رہے گا۔

تھانہ سانده انویسٹی گیشن پولیس پیشہ ور منحرف کالی موبائل سنیچر ڈکیت گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ سانده انویسٹی گیشن پولیس نے پیشہ ور منحرف کالی موبائل سنیچر ڈکیت گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے خلاف تقابل پیشہ ور ڈکیت گینگ کے خلاف آپریشن کیا اور ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے جدید ٹیکنالوجی سے مزین 2 عدد موبائل فون سنیچنگ کیمن پولیس نے جدید ٹیکنالوجی سے مزین 2 عدد موبائل فون سنیچنگ کیمن کی مدد سے ایک گینگ کے سرغنہ نذیر علی عرف کالی اور اس کے ساتھی آصف کو گرفتار کرکے شہریوں سے چھینے گئے اٹھیس عدد موبائل فون سے ایک درجن سے زائد موبائل فون برآمد کرلیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 20 عدد جعلی ہیرے، درجنوں جعلی اشٹام پیپرز، ڈکیتی میں استعمال کی گئی موٹر سائیکل اور 2 رکنی گروہ گرفتار کرلیا تھانہ ودمن ریس کورس پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران جعلی اشٹام پیپرز، ڈکیتی میں استعمال کی گئی موٹر سائیکل اور 2 رکنی گروہ گرفتار کرلیا تھانہ ودمن ریس کورس پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران جعلی اشٹام پیپرز، ڈکیتی میں استعمال کی گئی موٹر سائیکل اور 2 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 20 عدد جعلی ہیرے، درجنوں جعلی اشٹام پیپرز، کمپیوٹر سسٹم، ٹھمبینگ مشین، لیپ ٹاپ، سی پی یو، کیمپیوٹر سسٹم، ٹھمبینگ مشین، پرنٹر، 30 بور و گولیاں برآمد کرکے ان کے خلاف مقدمات درج کرکے انہیں مزید تفتیش کے لئے حوالات انویسٹی گیشن منگ کردیا۔

10 سال سے کم عمر بچیوں سے جنسی زیادتی کے 1359 مقدمات درج ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب میں کمسن بچوں کے جنسی استحصال کا سلسلہ نہ رک سکا، 10 سال سے کم عمر بچوں سے بدفعلی کے 2709 واقعات، 10 سال سے کم عمر بچیوں سے جنسی زیادتی کے 1359 مقدمات درج ہوئے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق بچوں کا جنسی استحصال کرنے میں 2999 ملزمان ملوث پائے گئے، بچوں سے بدفعلی کے 2523 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، کمسن بچیوں سے جنسی زیادتی کے واقعات میں 1691 ملزمان ملوث پائے گئے۔

ڈپٹی ڈی ایس فاطمہ بلال اور ڈی ٹی اوارو خان نے ملازمین میں تعریفی اسناد اور یونیفارم تقسیم کیں



لاہور (نیشنل رپورٹر) ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ فاطمہ بلال اور ڈویژن ٹرانسپورٹ آفیسر ارواخان نے ملازمین میں تعریفی اسناد اور یونیفارم تقسیم کیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک وارڈن ٹریننگ پروگرام میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسسٹنٹ کمشنر محمد اسلم اور لوکو انسپکٹر محمد حنیف کو خدمہ مزید کیلئے کا آسٹریلیا بھیجا جائے گا۔ انہوں نے کارکردگی پر تعریفی اسناد دی گئیں جبکہ ریلوے کلاس فور ٹریفک، شیڈ اور کیرج سٹاف میں یونیفارم بھی تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ فاطمہ بلال اور ڈویژن ٹرانسپورٹ آفیسر ارواخان نے ملازمین میں تعریفی اسناد اور یونیفارم تقسیم کیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک وارڈن ٹریننگ پروگرام میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسسٹنٹ کمشنر محمد اسلم اور لوکو انسپکٹر محمد حنیف کو خدمہ مزید کیلئے کا آسٹریلیا بھیجا جائے گا۔ انہوں نے کارکردگی پر تعریفی اسناد دی گئیں جبکہ ریلوے کلاس فور ٹریفک، شیڈ اور کیرج سٹاف میں یونیفارم بھی تقسیم کی گئیں۔

طاہر فاروق کی ہدایت پر سبزہ زار اسکیم میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن

ٹیموں نے ٹرک سٹینڈ، ڈی بلاک میں تجاوزات ختم کرکے اراضی واگزار کروالی

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں نے مسلسل دوسرے روز بھی سبزہ زار کے مختلف بلاکس میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا اور بلاک ایم، ٹرک سٹینڈ اور ڈی بلاک سبزہ زار سے سرکاری زمین سے تجاوزات ہٹائیں۔ ٹیموں نے سبزہ زار اسکیم میں بلاک سی، بلاک کے اور بلاک ڈی میں بھی کارروائی کرتے ہوئے متعدد املاک سے تھڑے، شیڈز اور عارضی تجاوزات مسمار کردیں۔ آپریشن ڈائریکٹر پلاننگ سنگ فورپارہ شیر درک کی نگرانی میں کیا گیا۔ آپریشن میں شعبہ پلاننگ فورٹ اور ایل ڈی اے اتھارٹی سکواڈ اور پولیس نے حصہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر شہر بھر میں غیر قانونی تجاوزات اور تعمیرات کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔



ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق جی ون مارکیٹ جو ہر ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

پولیس نے مرکزی ملزم اور فرار ہونے میں مدد دینے والی ملزمہ گرفتار کرلیا

ملزمان کی گرفتاری کے لیے سی سی ڈی ٹیمیں فوج میں ملزم واردات کرتے دیکھا جاسکتا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ اسلام پورہ چوکی اکرم پارک پولیس نے چند روز قبل دو وارداتوں کے دوران شہری کو فائرنگ سے زخمی کرنے والے مرکزی ملزم نہال اور اسکی ساتھی ملزمہ عالئکہ پی پی کو گرفتار کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے سی سی ڈی ٹیمیں فوج سے مدد حاصل کی گئی سی ڈی فوج میں ملزم واردات کرتے دیکھا جاسکتا ملزم واردات کے بعد فائرنگ کرتے ہوئے اکرم پارک کی گلیوں میں بھاگتے ہوئے لے جاتے ہوئ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)8 جنوری 2025

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر صاحب نے رورل ہیلتھ سینٹرز اور بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راہو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں ضلع کے 04 رورل ہیلتھ سنٹرز اور 17 بنیادی مراکز صحت کی ری ویمپنگ جاری ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راہو نے تحصیل ننکانہ کے مختلف رورل ہیلتھ سنٹرز اور بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا۔ ڈی سی کے ہمراہ چیف آفیسر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب ڈاکٹر عبدالرحمان، ایس ڈی او ہیلتھ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں بھارت کا عالمی دہشت گرد چہرہ بے نقاب

امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے پاکستان میں دہشت گردی اور ٹارگٹ کلنگ کے حوالے سے بھارت کا گھناؤنا کردار بے نقاب کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں واشنگٹن پوسٹ کی حالیہ اشاعت میں شائع کی گئی رپورٹ میں بھارتی حکومت کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے ذریعے ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ہے۔ بھارتی ایجنسی ''را'' نے اجرتی قاتلوں اور افغان ہتھیاروں کے ذریعے پاکستان میں کم از کم چھ افراد کی ٹارگٹ کلنگ کی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ اپریل میں دو نقاب پوشوں نے لاہور میں عامر سرفراز عرف تانبا نامی شخص کو گولیوں کا نشانہ بنایا اور فرار ہو گئے۔ یہ واقعہ بھی بھارتی خفیہ قتل مہم کا تسلسل ہے۔ بھارتی ایجنسی ''را'' نے پاکستان میں کئی افراد کو نشانہ بنایا اور شواہد سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پاکستانی افراد کے قتل میں بھارت ملوث ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ 2021ء کے بعد بھارت کی انٹیلی جنس ایجنسی ''را'' نے پاکستان میں متعدد افراد کو قتل کرنے کیلئے ایک خفیہ مہم چلائی جس میں کئی پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے وزیر داخلہ بھی پاکستانی شہریوں کی ہلاکتوں میں بھارت کے براہ راست ملوث ہونے کا انکشاف کر چکے ہیں۔ امریکی اخبار کے مطابق 2014ء میں بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دول نے کہا تھا کہ پاکستان پر جملہ کرنا غیر حقیقی ہے لیکن ہم اپنے مقاصد کے حصول کیلئے خفیہ ذرائع استعمال کر سکتے ہیں۔ بھارت پر امریکہ، کینیڈا اور دوسرے مغربی ممالک میں بھی ٹارگٹ کلنگ مہم چلانے کا الزام ہے جس کے باعث بھارت بین الاقوامی سطح پر سخت تنقید کی زد میں ہے اور اس معاملہ میں امریکہ اور کینیڈا کے ساتھ بھارت کے سفارتی تعلقات متعدد بار خراب ہو چکے ہیں۔ ان ممالک کی جانب سے بھارت پر مختلف پابندیاں بھی عائد ہو چکی ہیں۔ امریکی اخبار کی رپورٹ میں حقائق و شواہد کی روشنی میں بھارت پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ کینیڈا اور امریکہ میں بھارتی خفیہ ایجنسی نے سکھ رہنماؤں کو قتل کیا۔ اس سلسلہ میں نئی دہلی میں ''را'' کے افسر وکاش یادیو نے نیویارک میں سکھ علیحدگی پسند رہنماء [illegible] پر قاتلانہ حملے کی ہدایات جاری کیں اور اس قتل کیلئے اپنے ایجنٹ کو ایک مقامی قاتل کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ کینیڈین حکام کی جانب سے بھی بھارتی سفارت کاروں اور ''را'' کی دہشت گردی کو بے نقاب کیا جا چکا ہے۔ سفارتی ماہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ برس بھی پاکستانی شہریوں محمد ریاض اور مولانا شاہد لطیف کی ٹارگٹ کلنگ کی گئی جس میں بھارت کے ملوث ہونے کے شواہد منظر عام پر آ چکے ہیں۔ اس سے قبل بھی وزارت خارجہ پاکستان ٹھوس شواہد کے ساتھ پاکستانی سرزمین پر بھارتی دہشت گردی کو بے نقاب کر چکی ہے۔ سفارتی ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارتی جارحیت، دہشت گردی اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی پر اقوام عالم کو سخت نوٹس لینا چاہیے۔ دوسرے ممالک میں بھارتی دہشت گردی، مداخلت اور ٹارگٹ کلنگ عالمی امن کیلئے شدید خطرہ ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ بھارت اس خطے میں اپنے توسیع پسندانہ ایجنڈے کی تکمیل کیلئے کچھ بھی کر گزرنے کو ہمہ وقت آمادہ و تیار رہتا ہے۔ اس کا یہ ایجنڈا ہندو انتہاء [illegible] پسندی کے فروغ پر مبنی ہے۔ کہنے کو تو بھارت ایک سیکولر سٹیٹ ہے مگر اسکے انتہاء [illegible] پسندانہ جنونی عزائم عملی طور پر بھارت کو ایک متعصب' انتہاء [illegible] پسند ہندو سٹیٹ کے قالب میں ڈھال چکے ہیں اور بھارت کا یہ تاثر ہندو انتہاء [illegible] پسندوں کی نمائندہ بی جے پی کی مودی سرکار کے اقدامات سے زیادہ پختہ ہوا ہے۔ پاکستان کی سلامتی کو کسی بھی طریقے سے نقصان پہنچانے کا بھارتی ایجنڈا تو قیام پاکستان کے وقت ہی طے پا گیا تھا جس پر عمل کرنے میں بھارت کی کسی بھی حکومت نے کبھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ اس ایجنڈے کے تحت ہی پاکستان پر تین باقاعدہ جنگیں مسلط کی گئیں اور 1971ء [illegible] کی جنگ میں بھارتی پروردہ دہشت گرد اور عسکری تنظیم مکتی باہنی کی معاونت سے پاکستان کو دولخت کیا گیا جس کے بعد بھارت باقیماندہ پاکستان کی سلامتی کے بھی درپے ہو گیا۔ اس نے آبی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو کبھی سیلاب میں ڈبونے اور کبھی بھوکا پیاسا مارنے کی سازشیں کیں اور پھر باقاعدہ دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کو ٹارگٹ کرنا شروع کر دیا گیا۔ اس کیلئے بھارت کو نادر موقع امریکی نائن الیون کے بعد دہشت گردی کے خاتمہ کے نام پر امریکی نیٹو افواج کی جانب سے شروع کی گئی افغان جنگ میں پاکستان کے فرنٹ لائن اتحادی کے کردار کے باعث پاکستان کے اندرونی طور پر کمزور ہونے کے تاثر کے نتیجہ میں ملا اور بھارت نے کابل کی کٹھ پتلی کرزئی حکومت کی معاونت حاصل کر کے افغان سرزمین کو اپنے دہشت گردوں کی تربیت اور انہیں افغان سرحد سے پاکستان میں داخل کرنے کیلئے استعمال کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے جس میں افغانستان کی موجودہ عبوری طالبان حکومت بھی اسکی شریک کار بن چکی ہے۔ نتیجتاً پاکستان میں گزشتہ دو سال سے زیادہ عرصہ سے دہشت گرد حملوں میں شدت پیدا ہوئی ہے جبکہ پاکستان کی ایجنسیاں دہشت گردی کی ان وارداتوں میں بھارت اور طالبان حکومت کے ملوث ہونے کے ٹھوس شواہد اکٹھے کر کے اقوام متحدہ سیکریٹریٹ' امریکی دفتر خارجہ اور دوسرے عالمی اور علاقائی فورمز کو فراہم کر چکی ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں تو بھارتی سکیورٹی فورسز کی دہشت گردی کا سلسلہ گزشتہ 76 سال سے تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور اب تک لاکھوں کشمیری اس بھارتی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔ گزشتہ روز بھی قابض بھارتی فورسز نے ضلع ادھم پور میں ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کیا۔ مقبوضہ کشمیر کی انسانی حقوق کمیٹی کی حالیہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال 2024ء [illegible] میں بھارتی فورسز نے 101 بے گناہ کشمیریوں کو شہید کیا اور 3 ہزار 492 بے گناہ کشمیری گرفتار کیے گئے جن کیخلاف بھارتی کالے قانون کے تحت مقدمات درج ہیں۔ اسی طرح بھارت کے ہندو انتہاء [illegible] پسندانہ کلچر میں بھارت کے اندر بھی غیر ہندو اقلیتوں کی زندگیاں اجیرن ہو چکی ہیں بالخصوص مسلمانوں کو تو عملاً دیوار کے ساتھ لگایا جا چکا ہے جن پر ہندو انتہا پسندوں کے حملے روزمرہ کا معمول بن چکا ہے۔ عالمی میڈیا کے ذریعے بھارت کا یہ جنونی' انتہاء [illegible] پسند اور علاقائی و عالمی امن کیلئے سنگین خطرے کی گھنٹی بجانے والا چہرہ اقوام عالم میں مکمل بے نقاب ہو چکا ہے اور پاکستان کے علاوہ دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی بھارتی توسیع پسندانہ دہشت گردانہ کارروائیوں کا سلسلہ دراز ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اسی بنیاد پر کچھ عرصہ قبل ایک امریکی جریدے نے اپنی رپورٹ میں بھارت کو عالمی نمبر ون دہشت گرد ریاست قرار دیا تھا جس میں پاکستان' ایران' افغانستان اور سری لنکا کے علاوہ متعدد مغربی ممالک میں بھی بھارتی دہشت گردی کی وارداتوں کے ثبوت پیش کئے گئے مگر توسیع پسندانہ عزائم میں بھارت کی سرپرستی کرنے والے امریکہ نے امریکی جریدے کی اس رپورٹ پر بھی اپنی آنکھیں دانستہ بند کئے رکھیں۔

صبر کا مقام

مجبور بے بس لاچار غمزدہ باپ کی آہوں، سسکیوں، ہچکیوں اور آہ و بکاہ سے کمرے کے در و دیوار لرز رہے تھے ماحول کی سوگواریت ہما رے اندر تک اتر چکی تھی لگ رہا تھا دکھی باپ کے غم میں ہر چیز نے ماتمی لباس پہن لیا ہے۔ میں بے بسی کے کوہ ہمالیہ پر بیٹھا سوچ رہا تھا کہ کس طرح اِس بے بس غمزدہ باپ کی مدد کروں اِس کے چہرے پر خوشی کے رنگ بکھیر سکوں اِس کی سسکیوں آہوں کو خوشگوار دلنواز مسکراہٹ میں بدل سکوں غمزدہ باپ صبر و استقامت کا پہاڑ تھا اس کے 4 بچے شدید معذور تھے لیکن اِس نے رب کا شکر ادا کیا گلی گلی گاں گاں شہر شہر وطن عزیز کے گوشے گوشے میں بچوں کی صحت کی بھیک مانگنے گیا ہر جگہ سکشول بن کر گیا۔ لیکن اِس کا دامن خالی کا خالی ہی رہا زندگی کی آگ برساتی سلگتی حقیقتوں کا صبر سے مقابلہ کیا لیکن جب اکلوتی بیٹی کی خوشیوں کو گہن لگا تو باپ کا پیمانہ صبر چھلک پڑا باپ بیٹی کے عظیم رشتے کے گداز اور نزاکت کو وہی سمجھ سکتے ہیں جن کی بیٹیاں ہیں جو بیٹیوں کا درد محسوس کرتے ہیں کیونکہ بیٹیاں تو معصوم رنگ برنگی تتلیوں کی طرح ہوتی ہیں جو مسائل اور مصائب کی ہلکی آنچ سے ہی مرجھا جاتی ہیں یہ معصوم کلیاں موسم کی ذرہ سی سختی سے ہی پھیکی پڑ جاتی ہیں باپ جو ہر مشکل پر مسکراتا رہا لیکن جیسے ہی بیٹی کے معصوم چہرے پر اداسی کا رنگ اترا تو برداشت سے باہر ہو گیا بیٹی کسی بھی باپ کا حساس حصہ ہوتا ہے میں نے بڑے بڑے مضبوط اعصاب کے والدین کو دیکھا ہے جو وہ بیٹی کی خوشیوں کی بھیک مانگنے کے لیے در در دھکے کھا رہے ہوتے ہیں لوگوں کے پاں پکڑ کر التجائیں کر رہے ہوتے ہیں بیٹی کے سسرال والوں کے سامنے نظریں جھکائے ہا تھ جوڑے بیٹھے معافیاں مانگ رہے ہوتے ہیں جو اپنی بیٹی کی کردہ اور نا کردہ غلطیوں کی بلا مشروط معافیاں مانگ رہے ہوں اپنی جان جا ئیداد اور ساری دولت دے کر بھی بیٹی کی خوشیاں خریدنے کو تیار ہوتے ہیں۔ اپنی بیٹی کے سہاگ کی سلامتی اور خوشیوں کے لیے کس طرح مغرور دنیا دار لوگوں اور سسرالیوں کی خو شامدیں کر رہے ہوتے ہیں بلا شبہ بیٹی باپ ملے میں میری کوئی مدد کر سکتے ہیں ۔ میں حیران تھا کہ باپ چار بچوں کی شدید معذوری کو بھول چکا تھا ذہنی طور پر قبول کر چکا تھا بیٹی کی مانگ میں خوشیاں بھرنا چاہتا تھا میں نے بار بار باپ اور بیٹی کو حوصلہ دیا کہ رحمٰن رحیم کریم کوئی راستہ ضرور نکالے گا اور پھر میں نے جائے نماز منگوائی اور الگ کمرے میں نماز اور حاجت کے نوافل شروع کیے سر سجدے میں رکھا اور مالک بے نیاز کے سامنے بہت رویا بہت مدد مانگی دیر تک خدا کے حضور التجائیں کرتا رہا کہ اے ربِ کعبہ تو نے ہر مشکل قدم پر میری مدد کی کو دیکھ کر مجھے پاکستانی معاشرے کے بانجھ پن اور بے حسی پر دکھ ہو رہا تھا کہ ہمارا معاشرہ کو فہ بن چکا ہے ہر گھر گلی اور شہر میں جگہ جگہ زینب مدد مدد پکار رہی ہے لیکن ہمارا معاشرہ تو کوفہ بن چکا ہے جو کسی بھی زینب کی مدد اور پکار سننے کو تیار نہیں ہم جو محرم کے چند دن حضرت



زینب کے لازوال کردار اور شجاعت پر تقریریں کرتے ہیں یہ دیکھنے کی زحمت نہیں کرتے کہ آج بھی ہمارے معاشرے کے ظلم کی چکی میں کتنی زینبیں پس رہی ہیں کوئی ان کی مدد کو تیار نہیں معاشرے کی بے حسی پر یہی احساس ہوتا ہے کہ ہمارا معاشرہ صحت مند اصلاحی معاشرہ نہیں رہا بلکہ کوفہ بن چکا ہے جہاں کسی مظلوم کی مدد کے لیے کوئی بھی آگے بڑھنے کو تیار نہیں ۔ باپ بیٹی کے آنسو دیکھ کر میری آنکھوں سے بھی موتیوں کی لڑی مسلسل جھڑ رہی تھی میں مجرموں کی طرح بیٹھا تھا کیونکہ میں بھی اِسی گلے سڑے معاشرے کا حصہ تھا جہاں ہر روز معصوم مظلوم بچیوں پر درد ناک مظالم ڈھائے جاتے ہیں آخر کار میں ہمت کر کے آگے بڑھا بیٹی کے سر پر شفقت بھرا ہاتھ رکھا اور باپ کے کندھے پر ہاتھ رکھا اسے بار بار حوصلہ دیا اور جب غمزدہ باپ کچھ نا رمل ہوا تو میں ملتجی لہجے میں کہا جناب میں آپ کی کس طرح مدد کروں مجھے حکم کریں میں اپنی جان دے کر آپ کے لیے خوشیاں خرید سکوں بتائیں میں کیا کروں تا کہ آپ کی ویران زندگی میں پھر سے بہار آ جائے ۔ باپ خا موش گہری نظروں سے میری طرف دیکھتا رہا پھر دردناک لہجے میں بولا کیا آپ میرے داماد کو واپس میرے گھر لانے میں میری کوئی مدد کر سکتے ہیں کوئی ایسا عمل وظیفہ یا طریقہ ہے کہ میرا داماد خوشی سے ہمارے گھر واپس آ جا ئے میری بیٹی کے چہرے پر پھر سے بہار کے رنگ بکھر جائیں اِس کی آنکھوں کی چمک پھر سے تیز اور گہری ہو جائے کیا آپ اِس معا شرے میں میری کوئی مدد کر سکتے ہیں ۔ میں حیران تھا کہ باپ چار بچوں کی شدید معذوری کو بھول چکا تھا ذہنی طور پر قبول کر چکا تھا بیٹی کی مانگ میں خوشیاں بھرنا چاہتا تھا میں نے بار بار باپ اور بیٹی کو حوصلہ دیا کہ رحمٰن رحیم کریم کوئی راستہ ضرور نکالے گا اور پھر میں نے جائے نماز منگوائی اور الگ کمرے میں نماز اور حاجت کے نوافل شروع کیے سر سجدے میں رکھا اور مالک بے نیاز کے سامنے بہت رویا بہت مدد مانگی دیر تک خدا کے حضور التجائیں کرتا رہا کہ اے ربِ کعبہ تو نے ہر مشکل قدم پر میری مدد کی میری عزت رکھی آج مجھے زندگی میں سب سے زیادہ تیری مدد کی ضرورت ہے اے خدا آج کے بعد تو میری کوئی دعا قبول نہ کرنا پر پلیز میری اِس معاملے میں مدد کر بہت رویا بہت رویا اور پھر مجھے سکون سا آ گیا اور پھر اچانک ایک خیال بجلی کی کوندے کی طرح میرے دماغ میں لپکا میرا ایک دوست لاہور میں رہتا تھا جو اِسی شہر کا تھا میں نے اس کا نمبر ملایا اور اس کو ساری بات بتائی اس نے مجھے شہر کے ایک شریف اور با اثر انسان کا پتہ اور نمبر دیا اور کہا میں اس کو فون بھی کر دیتا ہوں اور پھر میں اس شریف انسان کے پاس پہنچا اس کو میرا دوست فون کر چکا تھا وہ پہلے سے ہی میرے انتظار میں تھا اچھی طرح ملا اور ساری بات سنی بات سن کر اس کی آنکھوں میں بھی نمی تیرنے لگی بہت دکھی ہوا اور کہا چلو ابھی اس لڑکے کی طرف جاتے ہیں راستے میں اس نے لڑکے کے قریبی رشتے دار کو بھی بلایا جو لڑکے والوں کا بڑا اور با اثر بندہ سمجھا جاتا تھا راستے میں لڑکے کا رشتہ دار بھی مل گیا اس کو بات جب بتائی تو وہ بہت حیران ہوا کہ اسے یہ بات اور طرح سے بتائی گئی تھی اور پھر ہم اس لڑکے کے گھر کی طرف چل پڑے کیونکہ اب اللہ کی مدد آ چکی تھی اِس لیے اب کڑیاں خود ہی ملتی جا رہی تھیں اللہ تعالیٰ کو ہم پر ترس آ چکا تھا اور پھر ہم اس داماد لڑکے کے گھر پہنچ گئے سارے گھر والے موجود تھے بات چیت شروع ہو ئی لڑکے کو معمولی عتراضات تھے کہ میں اپنا کا روبار شروع کرنا چاہتا ہوں تو میرے ساتھ جانے والے شریف انسان نے کہا میری شہر میں کئی دوکانیں ہیں جو تم کو پسند ہے لے لو اور واپس اپنی بیوی اور سسرال کے پاس چلے جا ئے کہ واقعی ہم سے ظلم ہوا ہے دوبارہ زندگی میں ایسا کبھی نہیں ہوگا اور واقعی ہم سے ظلم ہو رہا تھا یقیناً داماد اور گھر والوں کے ضمیر جاگ اٹھے تھے اللہ کی مدد آ چکی تھی اور پھر داماد اس کے گھر والے اور باقی لوگ ہم غمزدہ باپ کی طرف آئے ہم سب کو دیکھ کر غمزدہ باپ بیٹی اور ماں کے چہروں پر خوشیوں کے پھول کھل اٹھے اور میں خو شیوں سے اپنا دامن بھر کر لاہور کی طرف روانہ ہوا آج بھی جب کوئی عبادت گزار عبادت کا غرور کرتا ہے تو مجھے صبر اور شکر کا پہاڑ وہ شخص یاد آ جاتا ہے جس کے سامنے ہمارے جیسے کیڑوں مکوڑوں سے بھی کم ہیں آج کئی سال ہو گئے وہ ہنسی خوشی رہ رہے ہیں مجھے جب بھی خدا کی رحمتیں یاد آتی ہیں تو بوڑھے باپ کی آنکھوں میں خوشی کے دو آنسو یاد آتے ہیں جن کو یاد کر کے میری روح خوشی سے جھومنے لگتی ہے کہ اے خدا جب بھی مشکل پڑی تیری رحمت موسلا دھار برسات کی طرح خوب برسی۔

مطلب کے پجاری



تحریر: خالد غور غشتی

انسان چاہے کتنے ہی بڑے منصب پر فائز کیوں نہ ہو، اگر اس میں ہمدردی نہیں تو اس کا وجود کارآمد نہیں رہتا۔ ہمارے ہاں شخصیت پرستی کا رونا دھونا تو عام ہے لیکن خود پرستی پر کلام کرتے ہوئے سب کی ٹانگیں کیوں کانپتی ہیں؟ دیکھیے اپنا اُلو تو سب سیدھا کر لیتے ہیں حتیٰ کہ بچوں کا رزق تو جانور اور پرندے بھی جدوجہد کر کے حاصل کر لیتے ہیں۔ آج ہماری اکثریت ان کے نقش قدم پر کیوں ہے؟ جیسا وہ کھاتے پیتے اور بچوں کو جنم دیتے ہیں، انھیں اڑنے یا دوسروں کو چیر پھاڑ کر کھانے کا ڈھنگ سکھاتے ہیں، ایسے ہی آج کل ہم بھی کارنامے سرانجام دیے جا رہے ہیں۔ ہر جائز و ناجائز طریقے سے گاڑیاں، بنگلے اور پلازے بنا کر اولاد وں کی عیاشی کے لیے کثیر سرمایہ چھوڑ جاتے ہیں۔ اپنے لیے تو جانور اور پرندے بھی جیتے ہیں، لُطف تو تب ہوتا کہ ہم دوسروں کے لیے جینا سیکھتے، دوسروں کی اولاد کو اپنی اولاد سمجھتے، ان کے دکھ، درد اور مصائب کو اپنا سمجھتے مگر افسوس انسانیت تو کب کی مر چکی ہے آج کل تو فقط مطلب زندہ ہیں۔ آپ دیکھتے ہوں گے، آج کے اکثر لوگوں کی کامیابی کا قرینہ فقط دولت ہے۔ اُنھیں اس بات سے کوئی سروکار نہیں کہ پڑوسی بھوکا مر رہا ہے، بیماریوں اور قرضوں سے مر رہا ہے یا حالات سے دل برداشتہ ہو کر خودکشی کر رہا ہے۔ اُنھیں تو اس بات سے مطلب ہوتا ہے کہ ان کے پاس کثیر سرمایہ ہو، ان کی اعلیٰ رہائش ہو، رنگا رنگ کھانے ہوں اور وہ عیش و عشرت سے زندگی گزاریں۔ وہ تو اردگرد کے لوگوں کو محض رینگنے والے کیڑوں مکوڑوں کی مانند سمجھتے ہیں، جنھیں مَسل کر اُنھیں ذہنی سکون و اطمینان ملتا ہے۔ اگر وہ دکان دار ہیں تو سرکاری ریٹ سے مہنگی کر کے اشیا بیچتے ہیں، گوشت، سبزیاں، پھل، خشک میوہ جات، مصالحے، آٹا، میدہ، دالیں، سونا، بیکری کی اشیاء کے نرخ مقرر ہونے کے باوجود ڈوگنی قیمت فروخت کرتے ہوئے ذرا عار محسوس نہیں کرتے ہیں، یہ فریب آخر کب تک؟ میں کبھی اس بات پر یقین نہیں کر سکا کہ پرندے اپنے جیسے ہی پرندوں کے ساتھ رہتے ہیں اور نہ ہی اس پر کہ سب لوگ ایک جیسے ہیں۔ بچپن سے لے کر آج تک کی زندگی میں، میں نے ہمیشہ بدترین اخلاق اور بدترین شکل وصورت کے لوگوں کو زندگی میں بہترین مقدر پاتے دیکھا ہے۔ ہمیشہ برے، جھوٹے، دھوکے باز، اور مکار لوگ سب کچھ اچھا حاصل کر لیتے ہیں۔ جب کہ ایمان دار لوگ اکثر صرف دھوکا اور نا اُمیدی پاتے ہیں۔ اس موقع پر ایک فرضی کہانی یاد آئی جو ہمارے موجودہ حالات کی کیا خُوب عکاسی کرتی ہے۔ ایک دفعہ ایک چالاک اور دھوکے باز شخص نے کہیں سے ایک گدھا چوری کیا اور اُسے فروخت کرنے کے لیے قریبی بازار لے گیا، بازار جانے سے قبل اس نے گدھے کے مُنہ میں اشرفیاں ٹھُونس کر کپڑے سے اچھی طرح بند کر دیا۔ بازار کی پُر ہجوم جگہ پر کھڑے ہو کر اس نے گدھے کے مُنہ سے کپڑا ہٹا دیا، جیسے ہی کپڑا ہٹا گدھے کے مُنہ سے اشرفیاں نکل کر زمین پر گرنے لگیں، سکوں کی چھنکار سُن کر لوگ متوجہ ہو گئے اور حیران ہو کر پوچھنے لگے کہ گدھے کے مُنہ سے سکے کی بھی سونے کے؟ یہ کیا ماجرا ہے؟ دھوکے باز کہنے لگا، بھائیو یہ ایک عجیب و غریب گدھا ہے اور میں اس سے بہت تنگ ہوں، میں جب بھی پریشان یا اداس ہوتا ہوں تو دن میں ایک بار اس کے مُنہ سے سونے کی اشرفیاں گرنے لگتیں ہیں، اب تو میرے گھر میں اشرفیاں رکھنے کی جگہ بھی نہیں بچی، اِس لیے میں چاہتا ہوں کہ اِسے کوئی ضرورت مند اور جانوروں سے پیار کرنے والا تاجر خرید لے۔ لوگوں نے اشرفیاں گرتی ہوئی اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں تھیں اور باقی کا قصہ سُن کر ہر کسی کی خواہش یہی تھی کہ یہ گدھا جتنے میں بھی مل جائے سستا ہے۔ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر بولیاں لگاتے ہوئے، آخر کار ایک بڑے تاجر نے خطیر رقم کے عوض اسے خرید لیا۔ فروخت کرنے والے نے، رقم اور زمین پر گرے ہوئے سکے سمیٹے اور گھر چلا گیا۔ جس تاجر نے گدھا خریدا تھا، وہ فخر سے گردن اکڑائے ہوئے چل رہا تھا اور اہل قریہ اس کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے اس کے گھر تک پہنچ گئے۔ سارے لوگ مل کر اُداس و پریشان شکلیں بنا کر گدھے کے اردگرد بیٹھ گئے، لوگ گھنٹوں بیٹھ کر انتظار کرتے رہے، بالآخر وہ سچ مچ مضطرب ہو گئے۔ اس دوران گدھا جو کب سے بھوکا تھا؛ اس نے خُوب چارہ کھایا مگر ایک سکہ تک نہ گرا۔ آخر وہاں سے کسی دانا کا گزر ہوا اس نے بتایا کہ تمھارے ساتھ دھوکا ہو چکا ہے، اس سے پہلے کہ فروخت کرنے والا بھاگ جائے، فوراً اس دھوکے باز کو پکڑو۔ وہ تاجر اور اہل قریہ اکٹھے ہو کر جب اس دھوکے باز کے گھر کے باہر پہنچے اور دروازہ کھٹکھٹا کر اس کے متعلق استفسار کیا تو اندر سے اس دھوکے باز کی بیوی نے کہا کہ وہ تو کہیں کام سے دوسرے گاؤں گئے ہوئے ہیں، آپ باہر ہی انتظار کریں میں اپنا پالتو کتا بھیجتی ہوں، یہ جا کر انھیں آپ کے متعلق بتائے گا اور انھیں ہر صورت ساتھ بھی لے کر آئے گا، لوگ دل چسپی سے یہ سوچنے لگے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ کتا اپنے مالک کو گھر لائے۔ دراصل اس چالاک شخص نے جب دیکھا کہ تمام لوگ اس کے گھر کے باہر جمع ہیں تو اس نے اپنی بیوی کو کتے والی پٹی پڑھائی، گھر میں پہلے سے بندھے ہوئے کتے کو آزاد کیا اور خود گھر کی پچھلی سمت سے چپکے سے نکل گیا۔ ڈور جا کر اس نے کتے کو پکڑ لیا اور اس کے ساتھ واپس گھر کی طرف چل دیا۔ تھوڑی دیر گزری تو لوگوں کو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آ رہا تھا کہ وہی شخص جس نے گدھا فروخت کیا تھا، اسی کتے کے پیچھے پیچھے چلتا ہوا آ رہا تھا۔ اب سارے لوگ یہ بات بھول کر کہ اُداس و پریشان شکلیں بنا کر گدھے کے اردگرد بیٹھ گئے، لوگ گھنٹوں بیٹھ کر انتظار کرتے رہے، بالآخر وہ سچ مچ مضطرب ہو گئے۔ اس دوران گدھا جو کب سے بھوکا تھا؛ اس نے خُوب چارہ کھایا مگر ایک سکہ تک نہ گرا۔ آخر وہاں سے کسی دانا کا گزر ہوا اس نے بتایا کہ تمھارے ساتھ دھوکا ہو چکا ہے، اس سے پہلے کہ فروخت کرنے والا بھاگ جائے، فوراً اس دھوکے باز کو پکڑو۔ وہ تاجر اور اہل قریہ اکٹھے ہو کر جب اس دھوکے باز کے گھر کے باہر پہنچے اور دروازہ کھٹکھٹا کر اس کے متعلق استفسار کیا تو اندر سے اس دھوکے باز کی بیوی نے کہا کہ وہ تو کہیں کام سے دوسرے گاؤں گئے ہوئے ہیں، آپ باہر ہی انتظار کریں میں اپنا پالتو کتا بھیجتی ہوں، یہ جا کر انھیں آپ کے متعلق بتائے گا اور انھیں ہر صورت ساتھ بھی لے کر آئے گا، لوگ دل چسپی سے یہ سوچنے لگے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ کتا اپنے مالک کو گھر لائے۔ دراصل اس چالاک شخص نے جب دیکھا کہ تمام لوگ اس کے گھر کے باہر جمع ہیں تو اس نے اپنی بیوی کو کتے والی پٹی پڑھائی، گھر میں پہلے سے بندھے ہوئے کتے کو آزاد کیا اور خود گھر کی پچھلی سمت سے چپکے سے نکل گیا۔ ڈور جا کر اس نے کتے کو پکڑ لیا اور اس کے ساتھ واپس گھر کی طرف چل دیا۔ تھوڑی دیر گزری تو لوگوں کو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آ رہا تھا کہ وہی شخص جس نے گدھا فروخت کیا تھا، اسی کتے کے پیچھے پیچھے چلتا ہوا آ رہا تھا۔ اب سارے لوگ یہ بات بھول کر کہ وہاں کیوں آئے ہیں، کتے کے متعلق پوچھنے لگے کہ یہ کتا تو بڑے کام کا ہے، بتاؤ یہ کتنے کا ہے؟ اسے تو ہر صورت خریدنا ہوگا۔ اس دھوکے باز اور چالاک شخص نے پہلے تو انکار کیا لیکن بعد میں اچھے دام ملنے پر وہ کتا اسی ہجوم میں سے ایک تاجر کو فروخت کر دیا۔ اب لوگ ٹولی کی شکل میں صرف یہ دیکھنے کے لیے کہ کتا گھر سے گئے ہوئے شخص کو کیسے واپس لے کر آتا ہے اس تاجر کے ساتھ چلتے گئے۔ تاجر نے گھر جا کر غلام کو کہا کہ تم ساتھ والے گاؤں جاؤ تا کہ کتا تمھیں ڈھونڈ کر واپس لے آئے۔ غلام جیسے ہی دوسرے گاؤں پہنچا وہاں سے بھاگ نکلا اور کتا بھی کہیں دور چلا گیا جو واپس نہ آیا۔ جب غلام اور کتا دونوں واپس نہ آئے تو لوگوں کو پتا چل گیا کہ یہ ایک بار پھر ہمارے ساتھ دھوکا ہو گیا ہے۔ وہ دوبارہ اکٹھے ہو کر جب اسی دھوکے باز کے گھر گئے تو وہ ایک بار پھر گھر کے پچھلے خفیہ دروازے سے بھاگ نکلا، اور اس کی بیوی کہنے لگی وہ ساتھ والے گاؤں کسی کام سے گئے ہوئے ہیں۔ لوگوں نے کہا کہ آج ہم اس کا گھر کے اندر بیٹھ کر انتظار کریں گے اور یوں دونوں تاجروں سمیت اردگرد کے تمام لوگ اس کے گھر میں بیٹھ گئے، کافی دیر جب گزر گئی تو وہی دھوکے باز گھر میں داخل ہوا اور وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں کو دیکھ کر چاپلوسی سے کام لیتے ہوئے ان کے سامنے جھک جھک کر آداب بجا لانے لگا، بیوی سے پوچھنے لگا کہ میرے خاص مہمانوں کی تکریم میں تم نے کیا کیا؟ ان مہمانوں کو کچھ کھانے پینے کو دیا یا بھوکا ہی بٹھایا ہوا ہے؟ وہ لوگ دل ہی دل میں شرمندہ ہونے لگے کہ ہم جسے دھوکے باز سمجھ رہے ہیں وہ تو بڑا سخی اور مہمان نواز بندہ ہے، اس کی بیوی نے انکار میں سر ہلاتے ہوئے کہا کہ ان فضول اور فالتو لوگوں کو کون اپنا مہمان بناتا ہے، میں نے تو انھیں پانی تک نہیں پوچھا، یہ سُن کر وہ شخص غصے میں پاگل ہو گیا اور جیب سے ایک خنجر نکال کر بیوی کے پیٹ میں گھونپ دیا، فوراً لہو بہہ نکلا اور اس کی بیوی لہرا کر نیچے فرش پر گر پڑی، وہاں بیٹھے ہوئے لوگ اسے برا بھلا کہنے لگے کہ ہمارے پیسوں کو تو رہنے دو لیکن ہمارے لیے اپنی بیوی کو قتل کرنا کہاں کی دانش مندی ہے، وہ چالاک اور دھوکے باز کہنے لگا، آپ لوگ فکر نہ کرو یہ ہمارا روزانہ کا کام ہے، میں اسے غصے میں آ کر قتل کر دیتا ہوں تو دوبارہ اس سینگ سے زندہ بھی کر دیتا ہوں، یہ کہتے ہوئے اس نے دیوار پر ٹنگے ہوئے کسی جانور کے بڑے سے سینگ کی طرف اشارہ کیا، پھر وہ سینگ اتارا اور مری ہوئی بیوی کے پاس بیٹھ کر سینگ کو منہ میں دبا کر پیپیرو کی طرح جھوم جھوم کر پھونک مارکر بجانے لگا۔ تھوڑی دیر بعد وہی مقتولہ جو کچھ دیر پہلے سب کے سامنے خنجر کے وار سے ہلاک ہو چکی تھی، اپنے زخم پر ہاتھ رکھے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی۔ تمام لوگ حیرت زدہ رہ گئے اور ایک بار پھر وہ سب یہ بات بھول کر کہ یہاں کیوں آئے ہیں، اس سینگ کو خریدنے کے درپے ہو گئے، دھوکے باز نے بولی بڑھانے کی خاطر کہنا شروع کر دیا کہ یہ طلسماتی سینگ پوری دنیا میں ایک ہی ہے؛ جو صرف میرے پاس ہے اور میں اسے کسی بھی قیمت پر فروخت نہیں کروں گا، کرتے کرتے ایک بڑے تاجر نے سب سے زیادہ رقم ادا کر کے وہ سینگ خرید لیا۔ سینگ خرید کر وہ لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے۔ جس نے سینگ خریدا تھا، کہنے لگا، میں جو اپنی بیوی کی چخ چخ سے تنگ ہوں،



برٹش جونیئر اوپن سکواش چیمپئن شپ: سہیل عدنان نے انڈر 13 کیٹگری کا ٹائٹل جیت لیا

سہیل عدنان نے مصر کے معیز تمیر کو تین، دو سے شکست دی، سہیل عدنان کے باعث پاکستان 18 سال بعد یہ ٹائٹل جیت سکا ہے

برمنگھم (سپورٹس رپورٹر) برٹش اوپن جوانیئر سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کے سہیل عدنان نے انڈر 13 کیٹگری کا ٹائٹل جیت لیا۔سہیل عدنان نے مصر کے معیز تمیر کو تین، دو سے شکست دی، سہیل عدنان کے باعث پاکستان 18 سال بعد یہ ٹائٹل جیت سکا ہے۔ڈائریکٹر ٹورنامنٹ پنجاب سکواش مامون خان نے کہا ہے کہ سہیل عدنان کی کامیابی میں اس کے والدین کا اہم کردار ہے، صدر پنجاب سکواش نورالامین مینگل اور پوری ٹیم نے نوجوان کھلاڑی کی ٹریننگ میں اہم کردار ادا کیا۔ان کا کہنا تھا کہ سہیل عدنان کی کامیابی لاہور سمیت پنجاب کے تمام کھلاڑیوں کیلئے مشعل راہ ہے۔

پنجاب سکواش نورالامین مینگل اور پوری ٹیم نے نوجوان کھلاڑی کی ٹریننگ میں اہم کردار ادا کیا۔ان کا کہنا تھا کہ سہیل عدنان کی کامیابی لاہور سمیت پنجاب کے تمام کھلاڑیوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ برٹش اوپن جوانیئر سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کے سہیل عدنان نے انڈر 13 کیٹگری کا ٹائٹل جیت لیا۔سہیل عدنان نے مصر کے معیز تمیر کو تین، دو سے شکست دی، سہیل عدنان کے باعث پاکستان 18 سال بعد یہ ٹائٹل جیت سکا ہے۔ڈائریکٹر ٹورنامنٹ پنجاب سکواش مامون خان نے کہا ہے کہ سہیل عدنان کی کامیابی میں اس کے والدین کا اہم کردار ہے، صدر پنجاب سکواش نورالامین مینگل اور پوری ٹیم نے نوجوان کھلاڑی کی ٹریننگ میں اہم کردار ادا کیا۔ان کا کہنا تھا کہ سہیل عدنان کی کامیابی لاہور سمیت پنجاب کے تمام کھلاڑیوں کیلئے مشعل راہ ہے۔



برٹش جونیئر اوپن سکواش چیمپئن شپ: سہیل عدنان نے انڈر 13 کیٹگری کا ٹائٹل جیت لیا

3 ماہ سے بھی کم عرصے میں قذافی سٹیڈیم کا رنگ وروپ بدل گیا، گرے سٹرکچر 100 فیصد مکمل، فنشنگ ورک تیز

پورا سٹیڈیم نیا، 34 ہزار سے زائد کی گنجائش، جدید لائٹس کی تنصیب آخری مرحلے میں، جنرل انکلوژرز سے بھی گراؤنڈ کا ویو بہتر ہو گیا

لاہور (این این آئی) 3 ماہ سے بھی کم عرصے میں قذافی سٹیڈیم کا رنگ وروپ بدل گیا، نئے سٹیڈیم کا گرے سٹرکچر 100 فیصد مکمل ہو گیا جبکہ فنشنگ ورک تیزی سے جاری ہے، پورا سٹیڈیم نیا، 34 ہزار سے زائد کی گنجائش ہو گی، جدید لائٹس کی تنصیب آخری مرحلے میں ہے اور جنرل انکلوژرز سے بھی گراؤنڈ کا ویو بہتر ہو گیا، دونوں اطراف نئی سکور سکرینز نصب کرنے کا کام بھی جاری ہے۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے پیر کے روز قذافی سٹیڈیم کا تفصیلی دورہ کیا۔انہوں نے سٹیڈیم کی تعمیر نو پر پیش رفت کا جائزہ بھی لیا اور سٹیڈیم میں جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے مین بلڈنگ کے تمام فلورز کا وزٹ کیا۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے جنرل انکلوژرز کی آخری نشستوں پر گئے اور گراؤنڈ کے ویو کو دیکھا۔چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے جنرل انکلوژرز سے گراؤنڈ ویو کی تعریف کی۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سٹیڈیم میں ورکرز سے ملاقات کی اور انہیں شاباش دی۔انہوں نے پراجیکٹ کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ شدید سردی اور دھند کے باوجود پراجیکٹ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور چیمپئنز ٹرافی سے قبل مکمل نیا سٹیڈیم جدید سہولتوں کے ساتھ تیار ہو گا۔محسن نقوی نے مقررہ مدت میں کام مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ایف ڈبلیو او کے پراجیکٹ ڈائریکٹر نے منصوبے پر پیش رفت کے بارے بریفنگ دی۔چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سمیر احمد، ایڈوائزرز عامر میر، ڈائریکٹر انفراسٹرکچر، ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ، ٹیپاک اور ایف ڈبلیو او کے حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

2 روزہ باجوڑ فیسٹیول اختتام پذیر، کبڈی، مارشل آرٹس، رسہ کشی کے دلچسپ مقابلے

باجوڑ (سپورٹس رپورٹر) دو روزہ باجوڑ فیسٹیول اختتام پذیر ہو گیا۔دو روزہ فیسٹیول میں کبڈی، مارشل آرٹس اور رسہ کشی کے مقابلے ہوئے، اختتامی روز 7 کلومیٹر ٹریک پر سائیکل ریس کا بھی انعقاد کیا گیا۔فیسٹیول میں کھیلوں کے مقابلوں کے ساتھ ساتھ محفل موسیقی، مشاعرہ، مزاحیہ شوسمیت دیگر سرگرمیاں بھی منعقد کی گئیں۔ دو روزہ باجوڑ فیسٹیول اختتام پذیر ہو گیا۔دو روزہ فیسٹیول میں کبڈی، مارشل آرٹس اور رسہ کشی کے مقابلے ہوئے، اختتامی روز 7 کلومیٹر ٹریک پر سائیکل ریس کا بھی انعقاد کیا گیا۔فیسٹیول میں کھیلوں کے مقابلوں کے ساتھ ساتھ محفل موسیقی، مشاعرہ، مزاحیہ شوسمیت دیگر سرگرمیاں بھی منعقد کی گئیں۔دو روزہ باجوڑ فیسٹیول اختتام پذیر ہو گیا۔



جنوبی افریقہ نے پاکستان کو دوسرے ٹیسٹ میں 10 وکٹوں سے ہرا کر ٹیسٹ سیریز دو صفر سے اپنے نام کر لی

کراچی میں ہونے والی فل میراتھون 42 اعشاریہ ایک نو پانچ کلومیٹر پشاور کے اسرار خٹک نے جیت لی، اسرار خٹک نے فل میراتھون میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے

فل میراتھون میں بہاولپور محمد ریاض دوسرے نمبر پر رہے، محمد ریاض نے فاصلہ دو گھنٹے 32 منٹ 10 سیکنڈز میں طے کیا۔اس کے علاوہ ہاف میراتھون ساہیوال کے محمد اختر نے 21 اعشاریہ پانچ کل 2 میٹر ایک گھنٹے 12 منٹ آٹھ سیکنڈ میں فاصلہ طے کیا

کراچی (سپورٹس رپورٹر) کراچی میں ہونے والی فل میراتھون 42 اعشاریہ ایک نو پانچ کلومیٹر پشاور کے اسرار خٹک نے جیت لی۔اسرار خٹک نے فل میراتھون میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے جنہوں نے فاصلہ دو گھنٹے 29 منٹ اور 58 سیکنڈز میں طے کیا، فل میراتھون میں بہاولپور محمد ریاض دوسرے نمبر پر رہے، محمد ریاض نے فاصلہ دو گھنٹے 32 منٹ 10 سیکنڈز میں طے کیا۔اس کے علاوہ ہاف میراتھون ساہیوال کے محمد اختر نے جیتی، محمد اختر نے 21 اعشاریہ پانچ کل 2 میٹر ایک گھنٹے 12 منٹ آٹھ سیکنڈ میں فاصلہ طے کیا۔ہاف میراتھون میں سیالکوٹ کے محمد قاسم نے دوسری پوزیشن حاصل کی، قاسم نے فاصلہ ایک گھنٹہ 12 منٹ 53 سیکنڈز میں طے کیا، جب کہ اٹک کے محمد عثمان نے تیسری پوزیشن لی، انہوں نے فاصلہ ایک گھنٹہ 14 منٹ 13 سیکنڈ میں طے کیا۔ کراچی میں ہونے والی فل میراتھون 42 اعشاریہ ایک نو پانچ کلو میٹر پشاور کے اسرار خٹک نے جیت لی۔اسرار خٹک نے فل میراتھون میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے جنہوں نے فاصلہ دو گھنٹے 29 منٹ اور 58 سیکنڈز میں طے کیا، فل میراتھون میں بہاولپور محمد ریاض دوسرے نمبر پر رہے، محمد ریاض نے فاصلہ دو گھنٹے 32 منٹ 10 سیکنڈز میں طے کیا۔اس کے علاوہ ہاف میراتھون ساہیوال کے محمد اختر نے جیتی، محمد اختر نے 21 اعشاریہ پانچ کل 2 میٹر ایک گھنٹے 12 منٹ آٹھ سیکنڈ میں فاصلہ طے کیا۔ہاف میراتھون میں سیالکوٹ کے محمد قاسم نے دوسری پوزیشن حاصل کی، قاسم نے فاصلہ ایک گھنٹہ 12 منٹ 53 سیکنڈز میں طے کیا، جب کہ اٹک کے محمد عثمان نے تیسری پوزیشن لی، انہوں نے فاصلہ ایک گھنٹہ 14 منٹ 13 سیکنڈ میں طے کیا۔ کراچی میں



کراچی میں ہونے والی فل میراتھون 42 اعشاریہ ایک نو پانچ کلومیٹر پشاور کے اسرار خٹک نے جیت لی

صائم ایوب کی انجری کی وجہ سے اوپننگ کی: بابر اعظم

ہمیشہ کوشش ہوتی ہے جہاں ٹیم کو ضرورت ہو وہاں پر فارم کروں، دوسری اننگز میں شان مسعود کے ساتھ اچھی پارٹنر شپ ہوئی

کیپ ٹاؤن (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی سٹار بیٹر بابر اعظم نے کہا کہ صائم ایوب کی انجری کی وجہ سے اوپننگ کی۔پاکستانی سٹار بیٹر بابر اعظم نے کیپ ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہمیشہ کوشش ہوتی ہے جہاں ٹیم کو ضرورت ہو وہاں پر فارم کروں، دوسری اننگز میں شان مسعود کے ساتھ اچھی پارٹنر شپ ہوئی۔بابر اعظم نے مزید کہا کہ فینز جو توقع کر رہے تھے ان پر پورا نہیں اتر رہا تھا، محنت جاری رکھی جس وجہ سے کامیابی ملی۔پاکستانی سٹار بیٹر بابر اعظم نے کہا کہ صائم ایوب کی انجری کی وجہ سے اوپننگ کی۔پاکستانی سٹار بیٹر بابر اعظم نے کیپ ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہمیشہ کوشش ہوتی ہے جہاں ٹیم کو ضرورت ہو وہاں پر فارم کروں، دوسری اننگز میں شان مسعود کے ساتھ اچھی پارٹنر شپ ہوئی۔بابر اعظم نے مزید کہا کہ فینز جو توقع کر رہے تھے ان پر پورا نہیں اتر رہا تھا، محنت جاری رکھی جس وجہ سے کامیابی ملی۔پاکستانی سٹار بیٹر بابر اعظم نے کہا کہ صائم ایوب کی انجری کی وجہ سے اوپننگ کی۔پاکستانی سٹار بیٹر بابر اعظم نے کیپ ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا۔

کینیا کی خاتون ایتھلیٹ نے نیا عالمی ریکارڈ بنا ڈالا

میں موافق اور ساز گار موسم میں ذہنی اور جسمانی طور پر پوری طرح تیار تھی اور شاندار جیت پر بہت مسرت ہے

بارسلونا: (ویب ڈیسک) پیرس اولمپکس 2024 میں 2 گولڈ میڈلز اپنے نام کرنے والی کینیا کی ایتھلیٹ 24 سالہ بیٹریس چیپٹ نے خواتین کی 5 ہزار میٹر کی دوڑ میں اپنا ہی ریکارڈ توڑ کر نیا عالمی ریکارڈ بنا ڈالا۔سپین کے شہر بارسلونا میں منعقدہ کرسا ڈیلس ناموس ریس میں بیٹریس چیپٹ نے مقررہ فاصلہ 13 منٹ 54 سیکنڈز میں طے کر کے پچھلے سال اسی ریس میں قائم کیا جانے والا اپنا ہی 14 منٹ 13 سیکنڈز کا ریکارڈ توڑا دیا، وہ یہ دوڑ 14 منٹ سے کم وقت میں جیتنے والی دنیا کی پہلی خاتون ایتھلیٹ بھی بن گئیں۔سال نو کے موقع پر شاندار کامیابی کے بعد چیپٹ نے کہا کہ میں موافق اور ساز گار موسم میں ذہنی اور جسمانی طور پر پوری طرح تیار تھی اور شاندار جیت پر بہت مسرت ہے۔چیپٹ نے پیرس 2024 میں ٹریک پر 5 اور 10 ہزار میٹرز کی دوڑ جیت کر طلائی تمغے اپنے نام کیے تھے جبکہ مئی میں خواتین کی 10 ہزار میٹر کا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔چیپٹ کا کہنا تھا کہ اب ان کی تمام تر توجہ ٹوکیو میں ہونے والی عالمی چیمپئن شپ میں گولڈ میڈلز جیتنے پر ہے۔

سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال کی زیر صدارت چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس

نوجوانوں کی ترقی چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کا مقصد ہے، نوجوانوں کو 6 ماہ تک 25 ہزار روپے دیئے جائیں گے، مظفر خان سیال

لاہور (این این آئی) سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال کی زیر صدارت چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔پیر کے روز پنجاب سٹیڈیم میں ہونیوالے اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری ،ایڈیشنل سیکرٹری میاں عثمان علی، ڈائریکٹر ایڈمن ڈاکٹر محمد کلیم، بنک آف پنجاب اور پی آئی ٹی بی کے افسران نے شرکت کی ،اجلاس میں چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کی درخواستوں کا جائزہ لیا گیا ،سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال کی درخواستوں کے حوالے سے تمام مسائل کو فوری حل کرنے کی ہدایت کی ۔سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کا مقصد نوجوانوں کی ترقی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق نوجوانوں کو ملکی ترقی میں کردار ادا کرنے کیلئے پروگرام شروع کیا گیا ہے، چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام سے نوجوانوں کو 6 ماہ تک 25 ہزار روپے دیئے جائیں گے، ملکی ترقی میں نوجوانوں کا اہم کردار ہے۔



مایا علی کے جامنی جوڑے میں حسن کے جلوے، مداح فریفتہ

مایا علی کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) خوبرو پاکستانی اداکارہ مایا علی نے جامنی مشرقی جوڑے میں حسن کے جلوے بکھیر کر مداحوں کو گرویدہ بنا لیا۔مایا علی کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی خوبصورتی، شاندار اداکاری اور دلکش شخصیت سے انڈسٹری میں ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے، مایا اپنی مصروفیات بارے مداحوں کو آگاہ رکھنا بھی یاد رکھتی ہیں۔حال ہی میں اداکارہ مایا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند نئی تصاویر شیئر کیں جن میں وہ کسی شادی کی تقریب میں موجود دکھائی دے رہی ہیں، تصاویر میں مایا کی نازک ادائیں مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا گئیں۔مذکورہ تصاویر میں مایا علی نے گہرے جامنی رنگ کا روایتی لباس زیب تن کیا ہوا ہے جس پر سنہری اور گلابی دھاگے سے باریک کڑھائی کی گئی ہے، لباس کے گلے اور آستینوں پر کی گئی نفیس کڑھائی نے ان کے لباس کو منفرد اور شاندار بنا دیا ہے۔مایا نے اپنے اس دلکش انداز کو مزید نمایاں کرنے کے لیے ہلکی جیولری کا انتخاب کیا، جوان کے لباس کے ساتھ ایک بہترین امتزاج پیش کر رہی ہے، کھلی زلفوں، ہلکے میک اپ اور دلکش مسکراہٹ ان کے حسن کو چار چاند لگا رہی ہے۔تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی تہلکہ مچا دیا، پوسٹ کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بے حد پسند کیا جا رہا ہے جبکہ کمنٹ سیکشن میں مداحوں کی جانب سے محبت بھرے کمنٹس کی برسات کی جا رہی ہے۔

اکشے کمار شردھا کپور کے ساتھ استری 3 میں نظر آئیں گے؟

اس فلم کا ذکر اکشے اور سارہ خان کی فلم اسکائی فورس کے ٹریلر لانچ ایونٹ کے دوران بھی ہوا، جہاں اکشے کمار موجود تھے



ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کے ایکشن اور کامیڈی کنگ اداکار اکشے کمار نے استری کی تیسری فلم میں اپنی ممکنہ شرکت سے متعلق دلچسپ تبصرہ کیا ہے۔بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق اکشے کمار کو استری فلم کے تیسرے حصے میں شامل کیے جانے کا امکان ہے۔یہ خبر سامنے آنے کے بعد اکشے کمار کے مداح بیحد خوش ہے اور استری 3 کی ریلیز کیلئے پرجوش ہیں۔اس فلم کا ذکر اکشے اور سارہ خان کی فلم اسکائی فورس کے ٹریلر لانچ ایونٹ کے دوران بھی ہوا، جہاں اکشے کمار موجود تھے۔اس موقع پر اکشے نے مذاق میں کہا کہ ان کا اور استری کے پروڈیوسر دنیش وجن کا تعلق ڈیڑھ اشتراک پر مبنی ہے۔جب اکشے کمار سے استری 3 میں ان کی شرکت کے حوالے سے سوال کیا گیا تو انہوں نے ہنستے ہوئے کہا، اس بارے میں کیا کہوں؟ یہ فیصلہ تو دنیش اور جیوتی کا ہے، جنہیں اس میں سرمایہ کاری کرنی ہے۔واضح رہے کہ میڈاک فلمز نے حال ہی میں اعلان کیا کہ استری 3 13 اگست 2027 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔یاد رہے کہ 2018 کی بلاک بسٹر فلم استری اور 2024 کی استری 2 میں راجکمار را اور شردھا کپور نے مرکزی کردار ادا کیے تھے جنہیں بیحد پسند کیا گیا ہے۔

گاندھی کو 'پاکستان کا باپ' کہنے پر بھارتی گلوکار کو قانونی نوٹس جاری

ممبئی (آن لائن) پونے کے وکیل آسم ساوڑے نے گلوکار ابھیجیت بھٹاچاریہ کو ایک پوڈکاسٹ میں دیے گئے متنازع بیان پر قانونی نوٹس بھجوا دیا ہے۔ اس پوڈکاسٹ میں ابھیجیت نے مہاتما گاندھی کو "پاکستان کا باپ" قرار دیا تھا۔بھارتی میڈیا کے مطابق، وکیل آسم ساوڑے نے اپنے مکل منیش دیشپانڈے کی جانب سے ابھیجیت کو نوٹس بھجوایا، جس میں ان سے فوری معافی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔نوٹس میں کہا گیا ہے کہ اگر گلوکار نے معافی نہ مانگی تو ان کے خلاف بھارتی نیایا سنہتا (BNS) کی دفعات) 353 عوامی انتشار (اور 356 (ہتک عزت) کے تحت شکایت درج کی جائے گی۔پوڈکاسٹ کے دوران ابھیجیت نے مہاتما گاندھی کا تقابل موسیقار آر ڈی برمن سے کرتے ہوئے کہا، "مہاتما گاندھی بھارت کے نہیں بلکہ پاکستان کے باپ ہیں۔ بھارت تو پہلے سے موجود تھا، پاکستان بعد میں بھارت سے الگ ہوا۔ گاندھی کو غلطی سے بھارت کا باپ کہا گیا ہے۔

جنید خان بچپن میں ڈسلیکسیا کا شکار تھے، عامر خان کا انکشاف

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کی فلم مہاراج کے ذریعے انڈسٹری میں ڈیبیو کرنے والے عامر خان کے بیٹے جنید خان نے بچپن میں ڈسلیکسیا کا شکار ہونے کا انکشاف کیا ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق جنید خان نے انکشاف کیا ہے کہ چھ سال کی عمر میں ان میں ڈسلیکسیا کی تشخیص ہوئی تھی۔انہوں نے صحافی کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے والدین کو ان کی اس حالت کا اندازہ فلم تارے زمین پر کی اسکرپٹ پڑھنے کے بعد ہوا۔انہوں نے مزید بتایا کہ کیونکہ اس فلم میں میرے والد نے ایک ایسے استاد کا کردار نبھایا تھا، جو ڈسلیکسیا کے شکار طالب علم کی مدد کرتا ہے۔تب انہیں اندازہ ہوا کہ ان کا اپنا بیٹا بھی اس ہی بیماری میں مبتلا ہے۔جنید خان نے کہا جب میرے والدین نے تارے زمین پر کی کہانی سنی، تو انہوں نے کہا، ایک سیکنڈ، یہ تو ہم اپنی زندگی میں دیکھ چکے ہیں۔ اسی وقت انہوں نے مجھے ایک ماہر کے پاس لے جا کر میری تشخیص کروائی۔جنید خان نے والدین کی حمایت کو اپنی کامیابی کی وجہ قرار دیا۔

معروف بھارتی یوٹیوبر بھی ڈیجیٹل حراست فراڈ کا شکار

ممبئی (آن لائن) بھارتی یوٹیوبر انلش بھوگنا نے تقریبا 40 گھنٹے تک سائبر گرفتاری اسکینڈل میں یرغمال بنائے جانے کا ایک دردناک تجربہ شیئر کیا ہے۔وائرل ہونے والی ایک تازہ ویڈیو میں، انلش نے یاد کیا کہ کس طرح دھوکہ بازوں نے ان کے ساتھ ہیرا پھیری کی، انہیں ہلا کر رکھ دیا جس سے وہ کمزور پڑ گئے۔انسٹاگرام پر ویڈیو شیئر کرتے ہوئے، انلش نے کہا کہ وہ ایک گھوٹالے کا شکار ہوئے اور اپنا تجربہ بیان کیا تا کہ وہ اس طرح کے فراڈ کے خلاف بیداری پھیلا سکیں۔انہوں نے کہا کہ میں اس کا اشتراک کر رہا ہوں، تا کہ دوسروں کو اس سے گزرنے کی ضرورت نہ پڑے جس سے میں گزرا ہوں۔ میں بہت خوش قسمت محسوس کرتا ہوں کہ میرے ایسے مضبوط دوست ہیں جنہوں نے میں ٹھیک ہوں کے متن بھیجتے ہوئے بھی میرے رویے میں تبدیلی محسوس کی۔ میں جانتا ہوں کہ آپ میں سے بہت سے لوگ اس سے واقف ہیں۔

فلم شعلے کا پرتشدد اور ظالمانہ قرار دے کر حذف کیا گیا سین منظر عام پر

سنسر بورڈ نے سین کو تشدد اور گبر کی ظالمانہ تصویر کشی کی وجہ سے ہٹا دیا تھا

ممبئی (آن لائن) ایتابھ بچن اور دھرمیندر کی لازوال بلاک بسٹر فلم شعلے اپنی ریلیز کے 50 سال بعد بھی اب تک پسند کی جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اسے تھیٹرز میں جیسے ہی دوبارہ ریلیز کیا گیا شائقین کا جم غفیر اپنی پسندیدہ فلم کو دیکھنے سنیما گھروں میں پہنچ گیا۔فلم میں کئی ایسے مشہور مناظر ہیں جن پر کھڑے ہو کر داد دی گئی۔لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ اس کی ریلیز سے پہلے ہی بہت سے مناظر کو حذف کر دیا گیا تھا؟ ایسا ہی ایک حذف شدہ منظر 49 سال بعد دوبارہ منظر عام پر آیا ہے۔ 1975 میں ریلیز ہونے والی فلم شعلے ہندی سنیما کی سب سے سدا بہار فلموں میں سے ایک ہے، اس کی سنسنی، محبت ڈرامے اور ایکشن سے پر کہانی نے فلم بینوں کے دل جیت لیے اور انہیں تاحیات مداحوں میں بدل دیا۔تاہم، فلم کی ریلیز سے قبل سنسر بورڈ نے کئی کٹوتیاں کیں، فلم کے ولن گبر سنگھ کی بے رحمی پر مشتمل ایک حذف شدہ منظر حال ہی میں وائرل ہو گیا ہے۔اولڈ از گولڈ نامی ایک انسٹاگرام اکاؤنٹ نے فلم کے ایسے ہی ایک حذف شدہ منظر کی تصویر شیئر کی ہے۔تصویر میں گبر جس کا کردار امجد خان نے ادا کیا ہے کو دکھایا گیا ہے۔اس سین میں گبر نے امام صاحب کے بیٹے احمد کو بے رحم انداز میں بالوں سے پکڑا ہوا ہے جس کا کردار سچن پلگونکر نے ادا کیا تھا اور ان کے گرد ڈاکوں کا قافلہ بھی نظر آ رہا ہے۔سنسر بورڈ نے اس سین کو اس کے بہت زیادہ تشدد اور گبر کی ظالمانہ تصویر کشی کی وجہ سے ہٹا دیا۔شعلے میں ہر ڈائیلاگ افسانوی ہے، اور دیکھنے والوں کو فلم کی کہانی کی طرح ازبر بھی ہے۔خاص طور پر مشہور زمانہ لائن یہاں سے پچاس کوس دور جب بچہ رات کو روتا ہے تو ماں کہتی ہے، سو جا بیٹا، نہیں تو گبر آ جائے گا۔گبر سنگھ نے ایسا خوف پیدا کیا کہ اس کے کردار کے ظلم کی عکاسی کرنے والے بہت سے مناظر سنسر ہو گئے۔

سونا کشی سنہا اور ظہیر کی طلاق؟ پیشگوئی سے مداح صدمے کا شکار

دونوں کے رشتے سے متعلق پیشگوئی نے ان کے مداحوں کو پریشانی میں مبتلا کر دیا

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار شترو گھن سنہا کی بیٹی اداکارہ سونا کشی سنہا اور ان کے شوہر ظہیر سے متعلق ایک خبر نے مداحوں کو صدمے کا شکار کر دیا ہے۔بھارتی اداکارہ سونا کشی سنہا نے گزشتہ سال ہی ظہیر اقبال کے ساتھ شادی کی ہے۔لیکن دونوں کے رشتے سے متعلق ایک پیشگوئی نے ان کے مداحوں کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔بھارت کے ایک مشہور ماہر نجوم سشیل کمار سنگھ نے سونا کشی سنہا اور ظہیر اقبال کی طلاق کی پیش گوئی کی ہے، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ماہر نجوم سشیل کمار نے ایک پوڈکاسٹ کے دوران پیشگوئی کرتے ہوئے بتایا کہ بالی ووڈ کی جوڑی سونا کشی سنہا اور ظہیر اقبال کی جلد طلاق ہو جائے گی۔ماہر نجوم نے صرف یہی نہیں بتایا بلکہ انھوں نے دونوں کی طلاق کے طریقہ کار کے بارے میں بھی کچھ حیران کن تفصیلات کا ذکر کیا۔سشیل کمار کا کہنا تھا کہ سونا کشی سنہا کی طلاق ہو گی لیکن بچہ ہو جانے اور بہت لڑائی جھگڑے کے بعد طلاق ہو گی۔ بچے کی پیدائش کے بعد دونوں میں خوب بحث ہو گی، پھر نوبت ہاتھا پائی تک جا پہنچے گی جس کے بعد طلاق ہو جائے گی، اس شادی کا اختتام بہت خراب ہو گا۔یاد رہے کہ بھارتی ماہر نجوم سشیل کمار اس سے قبل ایشوریہ رائے اور ابھیشیک بچن کے درمیان بھی طلاق کی پیشگوئی کر چکے ہیں، جو فی الحال ابھی تک پوری نہیں ہوئی لیکن دونوں کے درمیان علیحدگی کی افواہیں منظر عام پر آتی رہتی ہیں۔

خوبرو پاکستانی اداکارہ نیلم منیر کی بارات کی تصاویر نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی

نیلم منیر نے مہندی اور نکاح کی تصاویر کے بعد اب اپنی بارات کی تقریب کی خوبصورت تصاویر بھی مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیں

لاہور (ویب ڈیسک) خوبرو پاکستانی اداکارہ نیلم منیر کی بارات کی تصاویر نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی۔نیلم منیر نے مہندی اور نکاح کی تصاویر کے بعد اب اپنی بارات کی تقریب کی خوبصورت تصاویر بھی مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیں۔ مذکورہ تصاویر میں نیلم منیر نے سرخ اور سنہرے رنگ کا عروسی جوڑا زیب تن کر رکھا ہے جس میں وہ انتہائی خوبصورت دکھائی دے رہی ہیں جبکہ ان کے دلہا نے روایتی ا ؟ف وائٹ شیروانی کا انتخاب کیا ہے۔پوسٹ کے کیپشن میں اداکارہ نے لکھا کہ ''یہ سال میرے دل کو بتاتے رہے جب صحیح وقت اؤ یا تو وہ ساری دعائیں آخر کار قبول ہوئیں''۔اس فوٹو سیشن میں یہ جوڑی نہایت خوش اور حسین نظر اؤ رہی ہے جبکہ اس پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں صارفین اس نئے نویلے جوڑے کے مستقبل کے لیے دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کر رہے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ممبر سیالکوٹ ویمن چیمبر عائشہ وارث رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں

فیملی و عمائدین سمیت سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی شادی میں شرکت

سیالکوٹ (خواجہ عامر) سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ممبر عائشہ وارث رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔ سیالکوٹ کے نجی ہوٹل میں شادی کی تقریب میں دولہا دلہن کی فیملی سمیت بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی پرسنلیٹیز نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خواجہ عامر جاوید، معروف کاروباری شخصیت محمد عمر بٹ، عرفان غنی چوہان، سعد بٹ، حفصہ ایلم چوہدری، ایمل بٹ، پریذیڈنٹ بیداری مسز حنا نورین ایڈووکیٹ، پراجیکٹ مینیجر بیداری آصف محمود کی خصوصی شرکت۔ اس موقع پر دولہن کے والد چوہدری محمد وارث، بھائیوں افضال چوہدری، عبدالرحمٰن چوہدری وابرار چوہدری وبہنوئی عارف چوہدری نے دولہا چوہدری محمد شہباز اور عائشہ شہباز کو مبارکباد و کامیاب ازدواجی زندگی کی دعائیں دیں۔

جلد ایجوکیشن کمپلیکس کی نئی بلڈنگ میں شفٹ ہوجائینگے۔ مجاہد حسین علوی

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سیالکوٹ سرکاری تعلیمی اداروں کو مکمل سہولیات فراہم کررہا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی تعلیمی پالیسیوں کے تسلسل کیلئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس تدہی سے سرکاری تعلیمی اداروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرتے ہوئے محکمہ ایجوکیشن کی ایزولمنٹ بڑھانے کے ٹاسک کو کامیابی کیساتھ مکمل کررہا ہے۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر قیادت سرکاری سکولوں میں طلباء کو بہترین تعلیمی سہولیات اور کتب فراہم کررہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ مجاہد حسین علوی نے سمیر میڈیا نمائندگان کیساتھ ایک نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمپلیکس کی پرشکوہ عمارت مکمل ہو چکی ہے محض چند ہفتوں کا تزئین و آرائش کا کام مکمل ہونے کے بعد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ دفاتر مکمل طور پر نئی بلڈنگ میں منتقل ہوجائینگے۔

اے سی آفس وزیرآباد میں مرکزی تنظیم تاجران ودیگر ذیلی تنظیموں کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ایم پی اے وقار احمد چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ ودیگر شریک ہوئے

وزیرآباد (نامہ نگار) تجاوزات کے سلسلہ میں اے سی آفس وزیرآباد میں مرکزی تنظیم تاجران ودیگر ذیلی تنظیموں کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ایم پی اے وقار احمد چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ، صدر مرکزی تنظیم تاجران ناصر محمود اللہ والے، سابق چیئرمین بلدیہ بابو شعیب ادریس، سنیئر نائب صدر محمد اکبر بٹ، سابق کونسلر عبدالرحمن چوہدری، سرپرست اعلیٰ شیخ بلال احمد حسام وقار چیمہ، صدر کیسٹ ایسوسی ایشن عامر مشتاق چوہدری، رہنما صراف ایسوسی ایشن احمد سعید اللہ والے، ضلعی صدر یوتھ ونگ مسلم لیگ (ن) وقار احمد چیمہ، آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ، راہنما آپٹیکل ایسوسی ایشن خالد محمود اللہ والے، ملک نسیم، عامر حسین چٹھہ، مرزا ندیم بیگ، سابق نائب تحصیلدار نبی احمد چیمہ ودیگر نے شرکت کی۔ ایم پی اے وقار احمد چیمہ نے کہا کہ حکومت پنجاب تجاوزات کے خلاف آپریشن کررہی ہے لہذا کوئی بھی تجاوزات نہ کرے، اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد محمد رب نواز چدھڑ کو ہدایت کردی ہے کہ وہ تجاوزات آپریشن شروع کرنے سے پہلے مرکزی تنظیمیں تاجران اور دیگر ذیلی تنظیموں سے مشاورت کریں اور تجاوزات آپریشن سے پہلے سب کو مطلع کریں۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہر میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے پولیس سرگرم عمل ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہر میں امن وامان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے پولیس سرگرم عمل ہے۔ سرچ آپریشن اور ای پی پی چیکنگ کے دوران جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرکے مشکوک افراد کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں سرچ آپریشن کے دوران 470 افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 480 گاڑیوں اور 110 افراد کو چیک کیا گیا۔ مختلف علاقوں سے ناجائز اسلحہ اور منشیات برآمد ہونے پر چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرکے جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کیا جارہا ہے۔ تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے امن وامان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آپ کے علاقہ میں جرائم کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 یا قریبی پولیس اسٹیشن اطلاع دیں۔

ظفروال شہر اور گردونواح میں حکومتی احکامات ہوا میں اڑا دیئے گئے

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب نے LPG گیس کی قیمتوں میں کمی کرتے ہوئے فی کلوگیس کی قیمت 250 روپے مقرر کر رکھی ہے مگر شہر اور گردونواح میں گیس کی ریفیلنگ کا کمروہ دھندہ کرنے والے دوکانداروں نے حکومتی احکامات کو ہوا میں اڑاتے ہوئے فی کلو LPG گیس 350 روپے فروخت کررہے ہیں جو کہ غریب عوام کے ساتھ سراسر زیادتی ہے شہر میں قدرتی گیس موجود تو ہے مگر گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر نے لوگوں کو LPG گیس خریدنے پر مجبور کر دیا ہے اور وہ بھی منہگے داموں جبکہ تحصیل انتظامیہ خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے شہریوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف۔ وزیر پٹرولیم مصدق ملک۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا سے نوٹس کا مطالبہ کیا ہے۔

شہری کے گھر بلا اجازت داخل ہونے اور بلیک میل کرنے پر پولیس افسر سمیت 3 افراد پر مقدمہ درج

شکرگڑھ (عمران عارف سے) شہری کے گھر بلا اجازت داخل ہونے اور بلیک میل کرنے پر پولیس افسر سمیت 3 افراد پر مقدمہ درج ڈی پی او نارووال نوید ملک نے شہری تنویر کی درخواست پر انکوائری کی۔ انکوائری میں غفلت اور طمع نفسانی ثابت ہونے پر مقدمہ درج کیا گیا۔ ڈی پی او نارووالین دین کے معاملہ پر بلا اجازت گھر داخل ہوئے اور خواتین کے ساتھ بدتمیزی کی۔ اے ایس آئی شفقت علی اور حوالدار ریاض سمیت تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔

امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان مولانا پیر محمد داؤد رضوی نے استقبالِ ماہِ معراج شریف کے سلسلہ میں منعقدہ ایک تقریب

وزیرآباد (نامہ نگار) امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان مولانا پیر محمد داؤد رضوی نے استقبالِ ماہِ معراج شریف کے سلسلہ میں منعقدہ ایک تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی سال کا ساتواں مہینہ رجب المرجب اسلام میں انتہائی معظم ومبارک مقام کا حامل ہے۔ رسول کریمؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ رجب خدا تعالیٰ کا مہینہ، شعبان میرا مہینہ اور رمضان میری امت کا مہینہ ہے۔ انہوں نے امت مسلمہ کو رجب المرجب کی آمد کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ معروف بزرگ حضرت ذوالنون مصری کا قول مبارک ہے کہ رجب نیک اعمال کی کاشتکاری، شعبان اس کھیتی کو پانی دینے اور رمضان فصل کاٹنے کا مہینہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ رجب المرجب میں روزے رکھنے کی بھی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

پاسپورٹ آفس میں ٹاؤٹوں کی سرگرمیاں ہرگز بحال نہیں ہونے دی جائیں گی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس آصف گل

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس آصف گل نے کہا ہے کہ پاسپورٹ آفس میں ٹاؤٹوں کی سرگرمیاں ہرگز بحال نہیں ہونے دی جائیں گی ہم عوام کا کسی صورت استحصال نہیں ہونے دیں گے ایسے عناصر کے خلاف تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس کی مدد سے کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں جو پاسپورٹ بنوا کر دینے کے نام پر سادہ لوح شہریوں سے پیسے بٹورتے ہیں شہری ٹاؤٹوں کے بہکاوے میں آنے کی بجائے براہ راست پاسپورٹ آفس کا رخ کریں انہیں پاسپورٹ کے حصول میں کسی طرح کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے کہا کہ پاسپورٹ آفس کے باہر ایک بار پھر ٹاؤٹ مافیا سرگرم ہونے کی کوشش کررہا تھا جس کے سدباب کیلئے پولیس کے ہمراہ کاروائیاں کی گئیں دفتر کے بیرونی احاطہ کی مانیٹرنگ کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا ٹاؤٹوں کی حوصلہ شکنی کیلئے مربوط اقدامات اٹھائے گئے ہیں پاسپورٹ کے حصول کیلئے شہریوں کو کسی سے رقم بٹورنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ ذمہ دارانہ کردار ادا کریں اور ٹاؤٹوں کی سرکوبی کیلئے ہمارا بھرپور ساتھ دیں گے۔

چوکی انچارج حمید پورہ کی کارکردگی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) چوکی انچارج حمید پورہ کی کارکردگی۔ 3 ماہ قبل چوری کی وارادات کا سراغ لگا کر ملزمان کو گرفتار کرکے نقدی اور موبائل برآمد کرلیا۔ جبکہ ایک ملزم سے ناجائز اسلحہ بھی برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اکتوبر 24 میں ڈیرہ حمیداللہ کے سمیع اللہ کے گھر سے نامعلوم چور 50 ہزار روپے نقدی اور قیمتی موبائل چوری کرکے لے گئے تھے۔ جبکہ چند یوم قبل رائے حاکم عبداللہ انچارج چوکی حمید پورہ تعینات ہوئے تو انہوں نے اس مقدمہ میں ملوث نامعلوم ملزمان کا سراغ لگایا اور ان ملزمان کو حراست میں لیکر ان سے مال مسروقہ 50 ہزار روپے اور موبائل برآمد کرلیا۔ جبکہ حسنین ولد خورشید مانجھی سکنہ گھنیاں کلاں سے 30 بور پسٹل اور 2 گولیاں برآمد کرکے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

اوکاڑہ بین الاضلاعی ڈکیت گینگ گرفتار 3 ڈاکو سرغنہ سمیت گرفتار پولیس ترجمان کے مطابق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ بین الاضلاعی ڈکیت گینگ گرفتار 3 ڈاکو سرغنہ سمیت گرفتار پولیس ترجمان کے مطابق پولیس تھانہ اے ڈویژن کے ایس ایچ او رب نواز کی سربراہی میں بڑی کارروائی۔ ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ایک ڈکیت گینگ کا سرغنہ 2 ڈاکو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں ملزمان کے قبضہ سے ساڑھے چار لاکھ روپے نقدی اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ ملزمان نے دوران تفتیش اوکاڑہ شہر اور گردونواح میں ڈکیتی اور راہزنی کی 15 وارداتوں کا انکشاف کیا ہے ملزمان سے تفتیش کی جارہی ہے۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع وزیرآباد کے انتخابات مکمل، مولانا محمد ابراہیم محمدی آئندہ پانچ سال کیلئے امیر منتخب، نگران انتخاب قاری محمد حنیف ربانی نے ضلع اور تحصیلوں کے انتخابات کروائے

وزیرآباد (نامہ نگار) مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع وزیرآباد کے انتخابات مکمل، مولانا محمد ابراہیم محمدی آئندہ پانچ سال کے لئے امیر منتخب، نگران انتخاب قاری محمد حنیف ربانی نے ضلع اور تحصیلوں کے انتخابات کروائے۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع وزیرآباد کے لئے اراکین شوریٰ نے مولانا محمد ابراہیم محمدی کو امیر، سید مدثر شاہ بخاری کو ناظم اور ماسٹر فضل کریم کو ناظم مالیات متفقہ طور پر منتخب کرلیا۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل وزیرآباد کے لئے اراکین شوری نے قاری خلیل احمد بٹ کو امیر، حافظ فہیم الرحمن سیف کو ناظم اور مہر محمد شفیق کو ناظم مالیات چنا گیا جبکہ سرپرست اعلیٰ قاری محمد احمد اور سنیئر نائب امیر مولانا نوید احمد محمدی کو منتخب کیا گیا مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل علی پور چٹھہ کے لئے حافظ محمد یحییٰ نواز کو امیر مرزا الطاف احمد سلفی کو ناظم اور امتیاز چیمہ کو ناظم مالیات جبکہ مولانا محمد یونس بھٹی کو سرپرست اعلیٰ نامزد کیا گیا۔ نگران انتخابات قاری محمد حنیف ربانی امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع گوجرانولہ نے انتخابی عمل کی نگرانی کی اور مرکز کی ہدایات کے مطابق الیکشن کروائے اجلاس میں مولانا علامہ الشیخ محمد ادریس مدنی آف گلاسکو برطانیہ اور پروفیسر حافظ عبدالستار حامد نائب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔

سابق چیئرمین کنٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم کے تایا سسر، غلام فرید نمبردار کے والد حاجی عبدالرشید آرائیں کے ایصال ثواب کی محفل

وزیرآباد (نامہ نگار) سابق ناظم یونین کونسل حاجی نصیر احمد آرائیں، استاد عبدالمجید کے بھائی، سابق چیئرمین کنٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم کے تایا سسر، غلام فرید نمبردار کے والد حاجی عبدالرشید آرائیں کے ایصال ثواب کی محفل سے سید احمد رضا، لالہ محمد خلیل، سابق چیئرمین بلدیہ بابو شعیب ادریس، سابق چیئرمین کنٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم، سابق کونسلر مہر محمد شفیق نمبردار، احمد شاہنواز چیمہ، حاجی محمد جاوید بھٹہ، احمد یار وڑائچ، طارق محمود مہر، میر آصف محمود، محمد نعیم مہر، راشد غوری، باوا محمد نسیم، قاری وسیم رضا، محمد ندیم قاسمی ودیگر خطاب کررہے ہیں۔

ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں چکن گوشت کی اونچی اڑان جاری

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں چکن گوشت کی اونچی اڑان جاری کردہ ریٹ لسٹ سے ڈیڑھ سو روپے اضافے کے ساتھ سیل ہونے لگا کوئی پوچھنے والا نہیں کمشنر ساہیوال سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں چکن مافیا بے لگام ڈیڑھ سو روپے اضافے کے ساتھ سیل ہونے لگا ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ نے اپنی آنکھیں بند کرلیں چکن مافیا کو لگام ڈالنے والا کوئی نہیں گیمبر قادرآباد عوام کی چیخیں گیمبر قادرآباد کی عوام کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں بے لگام چکن مافیا کو لگام ڈالنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور اوور چارج کرنے والے چکن مافیا کو کیفر کردار تک پہنچائیں

ہرسہ شیخ تحصیل وضلع چنیوٹ میں فری میڈیکل کیمپ 8 جنوری بروز بدھ 9 بجے سے 2 بجے تک) انعقاد کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہرسہ شیخ فاؤنڈیشن کی جانب سے موضع ہرسہ شیخ تحصیل وضلع چنیوٹ میں فری میڈیکل کیمپ 8 جنوری بروز بدھ (9 بجے سے 2 بجے تک) انعقاد کیا جارہا ہے جس میں مختلف ماہر امراض اور کوالیفائیڈ ایم بی بی ایس ڈاکٹرز، لیڈی ڈاکٹرز، گائنا کالوجسٹ سمیت الٹراساؤنڈ سپیشلسٹ مریضوں کا چیک اپ کریں گے کیمپ میں فری شوگر ٹیسٹ، حاملہ عورتوں کے لیے فری الٹراساؤنڈ کی سہولت، فری چیک اپ، فری ہیاٹائٹس ٹیسٹ، فری ادویات، فری بلڈ گروپ ٹیسٹ کرنے جیسی سہولیات فراہم کررہے ہیں خصوصی تعاون ہرسہ شیخ فاؤنڈیشن، موضع ہرسہ شیخ تحصیل وضلع چنیوٹ کرے گی۔

اوکاڑہ غیر قانونی جنگلی ہرن پکڑنے والے 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ غیر قانونی جنگلی ہرن پکڑنے والے 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج محکمہ وائلڈ لائف کے اہلکاروں سے مزاحمت کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ وائلڈ لائف کو اطلاع ملی کہ ایک جنگلی ہرن موضع ستہی کے علاقے میں دیکھا گیا ہے جس پر وائلڈ لائف کی ٹیمیں جنگلی ہرن کو پکڑنے موضع ستہی کے علاقے میں پہنچ گئی اور ہرن کو تلاش کرنے لگ گئیں۔ جہاں دیکھا کہ 3 افراد ارسلان۔ طفیل۔ اور اکرم مل کر جنگلی ہرن کو پکڑ کر ایک رکشے میں لوڈ کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ وائلڈ لائف کے عملے نے انہیں منع کیا تو ملزمان نے وائلڈ لائف کے عملے سے مزاحمت شروع کردی۔ اور دھمکیاں دیں۔ پولیس تھانہ جمرہ شاہ مقیم نے انسپکٹر وائلڈ لائف کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 47/25 درج کرکے ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے

ترویج ادب پاکستان کے زیراہتمام تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ترویج ادب پاکستان کے زیراہتمام اوکاڑہ، ساہیوال اور گردونواح میں یکساں مقبول شاعر حافظ سہیل اصبح، تین کتب خیال دید، محبت بھوت ہے شاید اور "مجھے کچھ اور لکھنا تھا" کی تقریب پزیرائی ومحفل مشاعرہ سٹی پریس کلب اوکاڑہ کے خوبصورت ہال میں منعقد ہوئی، تقریب دو حصوں پر مشتمل تھی، صدارت پروفیسر احمد ساقی صاحب نے فرمائی جبکہ نظامت کے فرائض خوبصورت لب ولہجہ کے شاعر احتشام جمیل شامی نے بخوبی نبھائے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے اسامہ طاہر نے کیا جبکہ پروفیسر احمد ساقی کی لکھی نعت محمد عمر نے پیش کی! مہمانانِ خصوصی کی مسند پر رضا اللہ حیدر، جاوید عارف، اقبال فریدی، اختر خان، افضل گل، شفقت رسول قمر، علی عمران عامر، عبدالمتین براجمان ہوئے، جبکہ مہمانانِ اعزاز نصراللہ خان ناصر، پروفیسر امین انجم، غلام مصطفیٰ مغل، پروفیسر حامد، ڈاکٹر آصف انیق، رانا زاہد رفیق فریدی شامل تھے جبکہ دیگر شعراء میں احمد فراز فاجو، اسامہ طاہر، علی یاسر، اسد جاوی، پروفیسر عبدالرحمان، اللہ دتہ عاصی، املاک جدران، علی رضا آغا، رائے ظہیر ایڈووکیٹ، مفتی نعمان حمید اور منتظمین میں عمران حسینی، ماجد رضا امبر نے کلام سنایا۔

فیصل آباد پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کا پہلا اجلاس میں کابینہ نے صحافیوں کی فلاح وبہبود کے حوالے سے اہم فیصلے کیے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کا پہلا اجلاس زیر صدارت صدر شاہد علی منعقد ہوا۔ اجلاس میں کابینہ نے صحافیوں کی فلاح وبہبود کے حوالے سے اہم فیصلے کیے۔ صدر شاہد علی نے اس سال کو صحافی کالونی کے حصول کا سال قرار دیتے ہوئے اعلان کیا کہ صحافیوں کو ان کے حقوق دلوانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پریس کلب انسٹیٹیوٹ میں نئی کلاسز کا آغاز اسی ہفتے سے کر دیا جائے گا۔ سیکرٹری عزادار حسین نے اجلاس کو بتایا کہ 9 جنوری کو ممبران کے بچوں کے لیے سندباد میں ایک روزہ مفت جھولوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ مزید برآں، بلال احمر ہسپتال کے ساتھ ایم او یو سائن کیا گیا ہے، جس کے تحت ممبران کے لیے مفت طبی سہولیات اور مفت کمرہ فراہم کیا جائے گا۔ اخوت فاؤنڈیشن کے ساتھ بھی معاہدہ کیا جارہا ہے، جس میں ممبران کے بچوں کو تعلیمی وظائف دیے جائیں گے۔ صدر شاہد علی نے مزید کہا کہ وہ ان سینئر صحافیوں کے لیے اعزازیہ مختص کرنے کی کوشش کریں گے جنہوں نے کم از کم بیس سال شعبہ صحافت میں خدمات انجام دی ہیں۔ سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کہا کہ صحافی کالونی کے حوالے سے ماضی میں بھی کام ہوا ہے، لیکن اس سال اس جدوجہد کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہماری اولین ترجیح ہوگی۔ اجلاس میں نو منتخب کابینہ کے عہدیداران نے اپنا تعارف کروایا اور فیصل آباد پریس کلب کے ممبران کی فلاح وبہبود کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں نائب صدور ظفران سرور، رداسندھو، فنانس سیکرٹری شوکت ملک، جوائنٹ سیکرٹریز ندیم جاوید انی، اورنگزیب ملک، اورایگزیکٹو ممبران افشاں بتول، نعیم شاکر، رانا حنا جمیل، رفعت انور، شاہد محمود، کمال بٹ، رانا محسن فاروق، ارشد انصاری، سعید طاہر، توفیق یوسف، علی رضا، ملک نادر مان، اور سلیم راجپوت نے شرکت کی۔

والدین کی خدمت پر رب کریم خوش ہوکر اولاد کو دنیا وآخرت کی برکتیں عطاء کردیتا ہے

وزیرآباد (نامہ نگار) والدین کی خدمت پر رب کریم خوش ہوکر اولاد کو دنیا وآخرت کی برکتیں عطاء کردیتا ہے، اسلامی تعلیمات والدین کی خدمت اور ان سے حسن سلوک سے پیش آنے کی تاکید کرتی ہیں، فرامین نبی رحمتؐ کے مطابق والدین کے چہرہ کو پیار کی نظر سے دیکھنے پر مقبول حج وعمرہ کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار علامہ سید احمد رضا شاہ نے سابق ناظم یونین کونسل حاجی نصیر احمد آرائیں، استاد عبدالمجید کے بھائی، سابق چیئرمین کنٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم کو ان کے والد حاجی عبدالرشید آرائیں کے ایصال ثواب کی محفل سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر لالہ محمد خلیل، سابق چیئرمین بلدیہ بابو شعیب ادریس، سابق چیئرمین کنٹلری ایسوسی ایشن مہر شکیل اعظم، سابق کونسلر مہر محمد شفیق نمبردار، احمد شاہنواز چیمہ، حاجی محمد جاوید بھٹہ، احمد یار وڑائچ، طارق محمود مہر، میر آصف محمود، محمد نعیم مہر، راشد غوری، باوا محمد نسیم، قاری وسیم رضا، محمد ندیم قاسمی ودیگر نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ حاجی عبدالرشید آرائیں نے اجداد کے مشن کو جاری رکھے ہوئے انسانیت کی خدمت ہمدردی کے کاموں کے ذریعے اپنے اجداد کے نام کو زندہ رکھا ہوا تھا، ایصال ثواب کی ان روحانی محافل کے ذریعے مرحومین کی بخشش اور بلندی درجات کی دعا کروائی جاتی ہے ایصال ثواب کی ایسی محافل رب کریم اولاد کی دنیا کو دنیا وآخرت کی کامیابی اور عزت ومرتبہ عطاء کرتی ہے۔

کینسر کی موذی بیماری کے بعد نامور ادیبہ، ڈاکٹر عارفہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) کینسر کی موذی بیماری کے بعد نامور ادیبہ، شاعرہ، دانشور اور صحافی ڈاکٹر عارفہ صبح خان پانچ سال بعد منصۂ شہود پر آئیں ڈاکٹر عارفہ صبح خان نے کینسر سے جنگ کی اور موت کے منہ سے نکلیں یو ایم ٹی ادبی بیٹھک میں ادیبوں، شاعروں، نقادوں، دانشوروں کی کثیر تعداد نے ڈاکٹر عارفہ صبح خان کے ساتھ بہت گرمجوشی سے شام منائی ڈاکٹر نوشابہ حسن مراد اور ابراہیم حسن مراد کی طرف سے خیر سگالی کے کلمات ادا کئے گئے پاکستان کے ہر دلعزیز اینکر اور صحافی سہیل وڑائچ نے ڈاکٹر عارفہ صبح خان کی بہترین خدمات اور اعلیٰ کارکردگی کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ وہ ہم سے عمر میں چھوٹی ہیں لیکن ہم نے ان سے بہت کچھ سیکھا ہے انہوں نے صحافت میں ایسے مثالی اور شاندار کام کئے ہیں جو صحافت کی تاریخ میں امر ہو چکے ہیں وہ بہت دلیر، بہادر اور جرات مند صحافی ہیں ان کے سوال ہمیشہ سرخیاں بنے ہیں انہوں نے صحافت، ادب اور تعلیم کے شعبے میں کامیابی کے جھنڈے گاڑے ہیں وہ مثالی کاموں کے لئے اپنی خاص شہرت رکھتی ہیں جید صحافی، تجزیہ نگار اور معروف اینکر سجاد میر نے ڈاکٹر عارفہ کی کارکردگی پر کئی انکشافات کئے انہوں نے بتایا کہ جب عارفہ صبح خان کی پیدائش ہوئی تو اس وقت میں ایک پروفیشنل صحافی بنا مجید نظامی مرحوم بہت اصول پسند اور ڈسپلن کے معاملے میں سخت تھے عارفہ صبح صحافت میں بڑے بڑے کام کررہی تھیں جسے نظامی صاحب قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے عارفہ بہت بولڈ صحافی تھیں کھچار میں ہاتھ ڈال دیتی تھیں آفس میں انکی شاندار کارکردگی سے خائف ہو کر کچھ لوگ انکی شکایتیں لگاتے تو نظامی صاحب ہمیشہ عارفہ کی حمایت کرتے وہ کہتے کہ عارفہ بی بی جو کرتی ہیں، بالکل ٹھیک کام کرتی ہیں آپ مجھے شکایتیں نہ لگائیں آمنہ الفت نے کہا کہ عارفہ صبح خان جیسی نابغہ روزگار ہستیاں روز روز پیدا نہیں ہوتیں انہوں نے اپنی خطرناک کینسر کی بیماری میں گنجے اور کنجیاں لکھ کر ایبالا زوال مزاح پیش کیا ہے جس کی مثال مشکل ہے انہوں نے لاہور کو جس انداز میں دیکھا اور لکھا ہے تو پطرس بخاری بھی جنت میں مسکرا رہے ہونگے عارفہ واقعی خواتین کی پطرس بخاری ہیں ڈاکٹر جمیل جالبی نے انہیں انکی ذہانت اور خوبصورتی پر ادب کی قلوپطرہ کہہ کر حق ادا کیا ہے ڈاکٹر سعادت سعید نے کہا کہ ڈاکٹر عارفہ نے تنقیدی گرہیں لکھ کر تنقید میں گرانقدر اضافہ اور نئے نظریات کا ڈول ڈالا ہے۔

مسلح ڈاکو نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکو نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا جبکہ دو موٹر سائیکلیں چوری ڈسکہ کا سجاول اپنی موٹر سائیکل پر منڈیکی گورائیہ کی طرف جارہا تھا کہ اس کو مسلح ڈاکو نے روک لیا اور اس سے نقدی ڈیڑھ لاکھ روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگیا جبکہ ڈسکہ کا جمیل اور محسن اپنی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کرکے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کرکے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ایل پی جی مہنگے داموں فروخت کرنے پر دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ایل پی جی مہنگے داموں فروخت کرنے پر دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سمبڑیال روڈ ڈسکہ پر چھاپہ مارا تو دوکاندار انس مہر ایل پی جی گیس 254 روپے کی بجائے 300 روپے فی کلو فروخت کررہا تھا جس کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

امانت پر لی رقم ہڑپ کرنے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امانت پر لی رقم ہڑپ کرنے پر مقدمہ درج موضع چھانگا کے طارق نے ملزم تنویر کو رقم بطور امانت دی کافی عرصہ گزرنے پر جب اس نے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزم صاف انکاری ہوگیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔



ڈسکہ، نامور ادیبہ، شاعرہ، دانشور اور صحافی ڈاکٹر عارفہ صبح خان اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہی ہیں

قیدیوں وحوالاتیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی تواتر سے جاری ہے، اظہر جاوید

جیل کو حقیقی معنوں میں دارالفلاح بنانے کا ٹاسک حاصل کرنے میں مدد ملی ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ اظہر جاوید چیمہ نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ جیل کے انتظامی امور فعال ہیں اور قیدیوں وحوالاتیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی تواتر سے جاری ہے جس سے ماضی کی شکایات کا ازالہ ہوا ہے اور جیل کو حقیقی معنوں میں دارالفلاح بنانے کا ٹاسک حاصل کرنے میں مدد ملی ہے جبکہ جیل خانہ جات پنجاب کے اعلیٰ حکام اور مختلف ججز حضرات سمیت جیل وزٹرز اور قیدیوں وحوالاتیوں کے ورثاء کی طرف سے بھی جیل انتظامیہ کے موثر اقدامات کو بھرپور سراہا گیا ہے جس سے ہماری نہایت حوصلہ افزائی ہوئی ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ جیل اظہر جاوید چیمہ نے کہا کہ جیل کے انتظامی امور کو مربوط بنانے کی خاطر اٹھائے گئے موثر اقدامات کے باعث قیدیوں کو حوالاتیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بلاامتیاز یقینی بنائی جارہی ہے ج

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7)8 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

اشتہارات ٹیکہ نہیں کہ جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اطلاع گمشدگی سند

میری والدہ المدارس العربیہ پاکستان کی حفظ کی سند گم ہوگئی ہے۔ اگر کسی کو ملے تو اس پتہ پر مدرسہ حفظ کتابت القرآن ساگھ روڈ تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ یا رسالہ زبیر شریہ

اشتہار: نثار حسین حیدر ولد ولد 0341026957 دی

بتیجات 1

ٹی آر ٹی ٹیچ ٹی فوق عدالتوں کے کیس کی ساعت کر رہا ہے۔ ساعت کے آغاز پر سپریم کورٹ نے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے الزامات کی تحقیقات کی ساعت جلد شروع کرنے کی درخواست کی ساعت جلد بازی کرنے کی درخواست کی ساعت جلد بازی کرنے کی درخواست کی ساعت جلد بازی

محنتی، قابل اور تجربہ کار آفیسرز محکمہ کے اثاثہ کا درجہ رکھتے ہیں، آئی جی پنجاب

سینئر کلرک سے اسسٹنٹ کے عہدے پر پروموٹ ہونے والے افسران کے اعزاز میں تقریب، ڈاکٹر عثمان انور کی اسسٹنٹس کو پروموشن پر مبارکباد، مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

تقریب میں ایڈیشنل آئی جی پنجاب/ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو، ایس ایس پی آپریشنز لاہور اور اے آئی جی ایڈمن سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر افسران کا اسسٹنٹ کے عہدے پر پروموٹ ہونے والے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) سینئر کلرک سے اسسٹنٹ کے عہدے پر پروموٹ ہونے والے افسران کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محنتی، قابل اور تجربہ کار آفیسرز محکمہ کے اثاثہ کا درجہ رکھتے ہیں۔ پنجاب پولیس میں اسسٹنٹ کی 123 خالی نشستوں پر پروموشن کے ذریعے کی جانے والی تعیناتیوں کا مقصد ماتحت عملے کو بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ ایڈیشنل آئی جی ایڈمن سمیت دیگر افسران نے بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کے عہدے پر ترقی پانے والے 54 سینئر کلرکوں کو اسسٹنٹ کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ اسسٹنٹ کی 69 نشستوں پر ترقی کیلئے اہل